نوٹ: ❁ اسمِ نکرہ کے آخر میں عموماً تنوین آتی ہے، اگر اسمِ نکرہ کے شروع میں [اَلْ] لگا دیا جائے تو وہ معرفہ ہو جاتا ہے اس صورت میں اس کے آخر میں تنوین نہیں آتی، جیسے: كِتَابٌ (ایک کتاب) سے اَلْكِتَابُ (مخصوص کتاب۔)

❁ اور مضاف پر بھی تنوین نہیں آتی، جیسے: ﴿ صِرَاطَ الَّذِيْنَ ﴾ ''راستہ ان لوگوں کا'' اس کی وضاحت کے لیے اگلے صفحات آپ کے منتظر ہیں۔

اسم کی بنیادی اقسام

اسم کی بنیادی اقسام تین ہیں: ❁ مصدر ❁ مشتق ❁ جامد

✳ مصدر: وہ اسم جو خود کسی لفظ سے نہیں بنتا مگر اس سے بہت سے لفظ بنتے ہیں، مصدر کہلاتا ہے۔ مصدر کو کسی لفظ کا بنیادی

مادہ بھی کہہ سکتے ہیں، جیسے: عِلْمٌ مصدر (مادہ) ہے اسی سے عَالِمٌ (علم والا) ہے، اسی سے مَعْلُوْمٌ (جانا ہوا) ہے وغیرہ۔

* مشتق: وہ اسم ہے جو مصدر سے بنتا ہے، جیسے: مذکورہ مثال میں عَالِمٌ یا مَعْلُوْمٌ ہیں۔ اس کی تین (3) قسمیں ہیں:

❁ اسم صفت ❁ اسم ظرف ❁ اسم آلہ۔

* اسم صفت: ایسا اسم جو کسی ذات کی صفت (اچھائی یا برائی) کو ظاہر کرے، جیسے: ﴿ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ﴾ ''آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا۔'' یہاں [فَاطِر] صفت کے معنی دے رہا ہے۔

اسم صفت کی پانچ قسمیں ہیں:

❁ اسم فاعل ❁ اسم مفعول ❁ اسم تفضیل ❁ اسم مبالغہ ❁ صفت مشبہ

❁ اسم فاعل: ایسا اسم جو کام کرنے والے پر دلالت کرے، جیسے: نَاصِرٌ (مدد کرنے والا۔) اور یہ مادے کے پہلے حرف کے بعد [ا] کے اضافے اور دوسرے حرف کو کسرہ دے کر اسے فَاعِلٌ کے وزن پر لانے سے بنتا ہے، جیسے: نَصْرٌ سے نَاصِرٌ۔ اس کے چھ صیغے ہیں:

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	نَاصِرٌ	نَاصِرَانِ	نَاصِرُوْنَ
مؤنث	نَاصِرَةٌ	نَاصِرَتَانِ	نَاصِرَاتٌ

اور اگر فعل تین حروف سے زائد پر مشتمل ہے تو اس صورت میں اسم فاعل کے شروع میں ''میم'' مضموم ہوگا اور آخری حرف سے پہلا حرف مکسور ہوگا، جیسے: ﴿ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ﴾ ''اور جسے اللہ ذلیل کرے اسے کوئی عزت دینے والا نہیں۔'' اس میں لفظ مُكْرِمٍ اسم فاعل ہے جو عزت دینے والے پر دلالت کر رہا ہے اور اسی طرح ﴿ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ ﴾ ''اور البتہ ایمان والی لونڈی مشرک عورت سے بہتر ہے۔'' یہاں مُؤْمِنَةٌ اور مُشْرِكَةٌ اسم فاعل ہیں۔ یہ اسم فاعل، فعل مضارع کی علامت کی جگہ میم مضموم اور آخری سے پہلے حرف کو مکسور کرنے سے بنتا ہے۔

نوٹ: * اسم فاعل کے تثنیہ کی صورت میں آخر میں [ـَانِ] یا [ـَيْنِ] اور جمع میں [ـُوْنَ] یا [ـِيْنَ] کا اضافہ اور واحد مؤنث کی صورت میں [ة] اور جمع مؤنث کی صورت میں [ات] کا اضافہ ہوتا ہے۔

* اسم فاعل اور فاعل میں فرق یہ ہے کہ اسم فاعل مقررہ اوزان پر مشتق ہوتے ہیں جبکہ فاعل جملے میں آنے کی وجہ سے فاعل بنتا ہے، جیسے: ﴿ خَتَمَ اللّٰهُ ﴾ ''اللہ نے مہر لگا دی ہے۔'' میں لفظ ''اللّٰهُ'' فاعل ہے مگر اسم فاعل نہیں۔ فاعل مکمل جملہ بھی ہو سکتا ہے، نیز فاعل ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے جبکہ اسم فاعل پر اعراب کی تینوں حالتیں آسکتی ہیں، جیسے: ﴿ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا ﴾ ''اور جو کوئی کسی مومن کو قتل کرے۔'' یہاں مُؤْمِنًا بذاتِ خود اسم فاعل کا صیغہ ہے لیکن جملے میں یہ بطور مفعول استعمال ہو رہا ہے۔

✳ اسم مفعول: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کے بارے میں بتائے جس پر فعل واقع ہو، جیسے: ﴿ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ﴾ ''اور (قسم ہے) حاضر ہونے والے اور حاضر کیے گئے کی!'' یہاں مَشْهُوْد اسم مفعول ہے جو اس ذات پر دلالت کر رہا ہے جس کو حاضر کیا گیا ہے اور یہ مادے کے شروع میں میم مفتوح اور آخر سے ماقبل حرف کے بعد [و] کا اضافہ کر کے اسے مَفْعُوْلٌ کے وزن پر لانے سے بنتا ہے۔ اس کے بھی چھ (6) صیغے ہیں:

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	مَنْصُوْرٌ	مَنْصُوْرَانِ	مَنْصُوْرُوْنَ
مؤنث	مَنْصُوْرَةٌ	مَنْصُوْرَتَانِ	مَنْصُوْرَاتٌ

اگر فعل تین حروف سے زائد پر مشتمل ہو تو اسم فاعل کی طرح اس کے شروع میں بھی ''میم'' مضموم ہوتا ہے لیکن اسم فاعل اور اسم مفعول میں فرق یہ ہے کہ اسم فاعل میں تثنیہ و جمع کی علامات کو چھوڑ کر آخری سے پہلا حرف مکسور ہوتا ہے جبکہ اسم مفعول میں مفتوح ہوتا ہے، جیسے: ﴿ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﴾ ''محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں۔'' میں لفظ ''مُحَمَّدٌ'' اسم مفعول ہے، یعنی ''جن کی تعریف کی گئی ہو۔''

۞ اسم تفضیل: وہ اسم جو دوسروں کی نسبت کسی ذات کے برتر یا بدتر ہونے کو ظاہر کرے۔ اس کا صیغۂ مذکر أَفْعَلُ کے وزن پر اور صیغۂ مؤنث فُعْلٰى کے وزن پر آتا ہے، جیسے: ﴿ اِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ﴾ ''شراب اور جوئے کا گناہ ان کے نفع سے زیادہ بڑا ہے۔'' یہاں أَكْبَرُ اسم تفضیل ہے۔ اسی طرح ﴿ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ﴾ ''اور سب سے اچھے نام اللہ ہی کے لیے ہیں۔'' یہاں حُسْنٰى اسم تفضیل مؤنث کا صیغہ ہے۔

۞ اسم مبالغہ: اگر فاعل میں صفت کی زیادتی پیش نظر ہو تو اسے مبالغہ کہتے ہیں، مثلاً: عِلْمٌ مصدر سے عَلِيْمٌ (بہت جاننے والا) جبکہ اسم فاعل عَالِمٌ ہے جس کے معنی فقط ''جاننے والے'' کے ہیں۔ اسم مبالغہ کے بعض اوزان یہ ہیں: فَعُوْلٌ، فَعِيْلٌ، فَعَّالٌ، فُعَّالٌ، جیسے: ﴿ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴾ میں لفظ غَفُوْرٌ (بہت بخشنے والا) اور رَحِيْمٌ (انتہائی مہربان) مبالغے کے طور پر استعمال ہوئے ہیں، اسی طرح ﴿صِدِّيْق﴾ (بہت سچا) برزون فِعِّيْل مبالغے کا صیغہ ہے۔

اسم تفضیل اور اسم مبالغے میں فرق یہ ہے کہ تفضیل میں دوسروں کے مقابلے میں زیادتی کے معنی ہوتے ہیں اور مبالغے میں بذاتِ خود زیادتی کے معنی پائے جاتے ہیں۔

۞ صفت مشبہ: وہ اسم مشتق ہے جس میں صفت بطورِ ثبوت اور دوام پائی جائے، جیسے: جَمِيْلٌ سے ایسی ذات مراد ہوگی جس میں خوبصورتی کی صفت ہمیشہ برقرار رہے جبکہ اسم فاعل میں یہ صفت عارضی ہوتی ہے۔ اسی طرح كَرِيْمٌ اور شَرِيْفٌ کے صیغے بھی صفت مشبہ کے ہیں۔ اس کے بعض اوزان یہ ہیں: فَعِيْلٌ کے وزن پر حَسِيْنٌ (خوبصورت)، اور قَبِيْحٌ (بدصورت) اور ''فَعَلٌ'' کے وزن پر حَسَنٌ (اچھا) اور فَعْلٌ کے وزن پر حَقٌّ ہے کیونکہ یہ اصل میں حَقْقٌ تھا، وغیرہ۔

* اسم ظرف: وہ اسم مشتق جو اس زمان یا مکان کو ظاہر کرے جس میں کام واقع ہو۔ یہ اسم تین حرفی فعل سے مادہ سے پہلے میم مفتوح لگا کر اسے مَفْعَلٌ یا مَفْعِلٌ کے وزن پر لانے سے بنتا ہے، جیسے: ﴿ كُلَّ مَرْصَدٍ ﴾ ''ہر گھات کی جگہ میں'' یہاں [مَرْصَدٍ] (گھات کی جگہ)، اسی طرح ﴿ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ﴾ ''مسجد حرام کی طرف'' میں [اَلْمَسْجِد] (سجدہ گاہ) اسم ظرف ہے۔
* اسم آلہ: وہ اسم جو کام کرنے کے آلے کو ظاہر کرے۔ یہ اسم تین حرفی فعل سے مادے سے پہلے میم مکسور بڑھا کر اسے مِفْعَلٌ، مِفْعَلَةٌ یا مِفْعَالٌ کے وزن پر لانے سے بنتا ہے، جیسے: ﴿ مِرْفَقًا ﴾، ﴿ مِنْسَاتَهٗ ﴾، ﴿ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ ﴾ ''اور ناپ اور تول کم نہ کرو۔''
* جامد: وہ اسم جو نہ کسی لفظ سے بنا ہو نہ اس سے کوئی لفظ بنے، جیسے: فَرَسٌ ''گھوڑا۔''

جنس کے اعتبار سے اسم کی اقسام

مذکر و مؤنث (Masculine and Feminine)

مؤنث: وہ اسم جس میں علامتِ تانیث لفظی یا پوشیدہ طور پر موجود ہو۔ اور علاماتِ تانیث تین ہیں: ① [ۃ]، جیسے: مُسْلِمَةٌ، ② الف مقصورہ زائدہ، یعنی کھڑا زبر جو اسم تفضیل مؤنث کے صیغے میں یا مؤنث کی صفت کی صورت میں ہوتا ہے، جیسے: [عُظْمٰى] ''سب سے بڑی''، [حُبْلٰى] ''حاملہ''۔ اس کے علاوہ الف مقصورہ مؤنث کی علامت نہیں ہے، جیسے: [مُوْسٰى] پر الف مقصورہ تو ہے لیکن یہ مؤنث نہیں۔ ③ الف ممدودہ ''اء'' جیسے: اَلزَّهْرَآءُ (آب و تاب والی) اور اس علامت کا ایک ہی وزن ہے اور وہ [فَعْلَآءُ] ہے، جیسے: [حَمْرَاءُ] ''سرخ رنگ کی'' [زَرْقَاءُ] ''نیلی'' قرآن مجید میں ہے: ﴿ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ﴾ ''وہ گائے زرد رنگ کی ہو'' اور پوشیدہ علامتِ تانیث کی مثال [اَرْضٌ] ہے، جیسے: ﴿ اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً ﴾ میں [اَرْضٌ] کو مؤنث استعمال کیا گیا ہے جبکہ علامتِ تانیث لفظوں میں نہیں ہے۔

مذکر: وہ اسم جس میں تانیث کی کوئی علامت نہ پائی جائے، مثلاً: مُؤْمِنٌ، شَرِيْفٌ۔

باعتبار ذات مؤنث کی اقسام: ذات کے اعتبار سے مؤنث کی دو قسمیں ہیں: ❁ مؤنث حقیقی ❁ مؤنث لفظی۔

* مؤنث حقیقی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں نر جاندار ہو، خواہ تانیث کی علامت ہو یا نہ ہو، جیسے: ﴿ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ﴾ ''اور ان (عیسیٰ علیہ السلام) کی والدہ صدیقہ تھیں۔'' یہاں لفظ [اُمّ] مؤنث استعمال ہوا ہے، اگرچہ اس میں مؤنث کی علامت نہیں ہے۔
* مؤنث لفظی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں نر جاندار نہ ہو۔

نوٹ: مؤنث حقیقی کے لیے بولا جانے والا لفظ مؤنث ہی ہوگا، جیسے: [اُمّ] ''ماں'' اور مذکر کے لیے بولا جانے والا لفظ

مذکر ہی ہوگا، خواہ اس میں تانیث کی علامت پائی جائے، جیسے: طَلْحَةُ، حَمْزَةُ تائے تانیث کے باوجود یہ مذکر ہی استعمال ہوں گے کیونکہ یہ مذکر ہی کے لیے بنائے گئے ہیں۔

باعتبار علامت مؤنث کی اقسام: جس اسم میں نر اور مادے کا تصور موجود نہ ہو، اس کی تذکیر و تانیث پہچاننے کے لیے علاماتِ تانیث مدنظر رکھی جاتی ہیں۔ اس لحاظ سے مؤنث کی دو قسمیں ہیں: ❁ مؤنث قیاسی ❁ مؤنث سماعی۔

✻ **مؤنث قیاسی:** وہ مؤنث جس میں علامتِ تانیث لفظوں میں موجود ہو، مؤنث قیاسی کہلاتی ہے، جیسے: ﴿اَلْقَارِعَةُ﴾ مؤنث قیاسی ہے۔ مذکر اسم جو کسی صفت (خوبی یا خامی) کو ظاہر کر رہا ہو، اس سے مؤنث بنانے کے لیے عام طور پر اس کے آخر میں [ۃ] لگا دیتے ہیں، جیسے: عَالِمٌ سے عَالِمَةٌ اور عَابِدٌ سے عَابِدَةٌ، اسی طرح:

مذکر			مؤنث	
سَاجِدٌ	سجدہ کرنے والا	سے	سَاجِدَةٌ	سجدہ کرنے والی
شَاهِدٌ	گواہی دینے والا		شَاهِدَةٌ	گواہی دینے والی
تَائِبٌ	توبہ کرنے والا		تَائِبَةٌ	توبہ کرنے والی

✻ **مؤنث سماعی:** عربی میں مندرجہ ذیل الفاظ بھی مؤنث استعمال ہوئے ہیں، اگرچہ ان کے آخر میں تانیث کی "ۃ" نہیں، انھیں مؤنث سماعی کہتے ہیں، جیسے: شَمْسٌ (سورج)، أَرْضٌ (زمین)، خَمْرٌ (شراب)، نَارٌ (آگ)، دَارٌ (گھر) سُوْقٌ (بازار)، رِيْحٌ (ہوا) وغیرہ۔

❁ عموماً جسم کے جوڑا جوڑا اعضاء بھی مؤنث استعمال ہوئے ہیں، جیسے: يَدٌ (ہاتھ)، رِجْلٌ (ٹانگ)، عَيْنٌ (آنکھ)، أُذُنٌ (کان)، قَدَمٌ (پاؤں) وغیرہ۔

❁ عربی میں شہروں اور ملکوں کے نام بھی مؤنث استعمال ہوئے ہیں، جیسے: لاهور، دمشق، باكستان، مصر، شام۔

❁ جہنم کے نام بھی مؤنث استعمال ہوئے ہیں، جیسے: ﴿اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا﴾ "بے شک جہنم گھات کی جگہ ہے۔"

❁ خاندان کے افراد أُمٌّ (ماں)، عَرُوْسٌ (دلہن) وغیرہ۔

نوٹ: خَلِيْفَةٌ، عَلَّامَةٌ وغیرہ مذکر ہیں کیونکہ یہ مردوں کے لیے بولے جاتے ہیں، [ۃ] کی وجہ سے انھیں مؤنث نہ سمجھا جائے۔

عدد کے اعتبار سے اسم کی اقسام

عدد کے اعتبار سے اسم کی تین قسمیں ہیں: ❁ واحد ❁ تثنیہ ❁ جمع

واحد: وہ اسم جو ایک فرد یا چیز کے لیے استعمال ہو، واحد (مفرد) کہلاتا ہے، جیسے: کتاب، قلم وغیرہ۔

تثنیہ: ایسا اسم جو دو افراد یا اشیاء کے لیے استعمال ہو، تثنیہ کہلاتا ہے، جیسے: دو کتابیں، دو قلمیں، دو آدمی۔

عربی میں دو کے لیے واحد اسم کے آخر میں [ـَانِ] یا [ـَيْنِ] لگاتے ہیں، جیسے:

قَمِيْصٌ (ایک قمیص) سے قَمِيْصَانِ یا قَمِيْصَيْنِ (دو قمیصیں)، كَلِمَةٌ سے كَلِمَتَانِ یا كَلِمَتَيْنِ، أُخْتٌ (بہن) سے أُخْتَانِ یا أُخْتَيْنِ۔

جمع: ایسا اسم جو تین یا اس سے زیادہ افراد یا اشیاء کے لیے استعمال ہو، جمع کہلاتا ہے، جیسے: کتاب سے کتابیں، قلم سے قلمیں وغیرہ۔

مذکر کی جمع

عربی میں مذکر کی جمع بنانے کے لیے اسم کے آخر میں [ـُوْنَ] یا [ـِيْنَ] لگاتے ہیں، جیسے:

واحد		جمع (رفعی حالت)		(نصبی/ جری حالت)	معنیٰ
مُسْلِمٌ	سے	مُسْلِمُوْنَ	یا	مُسْلِمِيْنَ	تین یا اس سے زیادہ مسلمان
كَافِرٌ	سے	كَافِرُوْنَ	یا	كَافِرِيْنَ	تین یا اس سے زیادہ کافر
جَاهِلٌ	سے	جَاهِلُوْنَ	یا	جَاهِلِيْنَ	تین یا اس سے زیادہ جاہل
عَالِمٌ	سے	عَالِمُوْنَ	یا	عَالِمِيْنَ	تین یا اس سے زیادہ عالم

مؤنث کی جمع

عربی زبان میں مؤنث کی جمع بنانے کے لیے واحد کے آخر سے [ة] ختم کرکے اتٌ لگاتے ہیں، جیسے: مُسْلِمَةٌ (مسلمان عورت) سے مُسْلِمَاتٌ (مسلمان عورتیں)، جَاهِلَةٌ (جاہل عورت) سے جَاهِلَاتٌ (جاہل عورتیں)، مُؤْمِنَةٌ (مومن عورت) سے مُؤْمِنَاتٌ (مومن عورتیں)، كَاتِبَةٌ (لکھنے والی) سے كَاتِبَاتٌ (لکھنے والی عورتیں)۔

نوٹ: [ـُوْنَ] یا [ـِيْنَ] سے بنائی ہوئی جمع کو جمع مذکر سالم اور [اتٌ] سے بنائی ہوئی جمع کو جمع مؤنث سالم کہتے ہیں کیونکہ ان صورتوں میں واحد کا صیغہ اپنی حالت پر برقرار رہتا ہے صرف آخر میں اضافہ ہوتا ہے۔

جمع کے مقررہ اوزان

اکثر اسمائے جمع مخصوص اوزان پر آتے ہیں۔ ان کی مختصر فہرست یہاں دی جاتی ہے:

أَفْعَالٌ	فُعُلٌ	فُعَلَاءُ	مَفَاعِلُ اور مَفَاعِيْلُ
فُعُوْلٌ	أَفْعُلٌ	أَفْعِلَةٌ	فَعَالِلُ اور فَعَالِيْلُ
فِعَالٌ	فُعَّالٌ	أَفْعِلَاءُ	

جمع کے مقررہ اوزان کی تفصیل اور مثالیں درج ذیل ہیں جبکہ ان میں سے اکثر الفاظ اُردو میں بھی مستعمل ہیں:

أَفْعَالٌ [أَفْ عَ الٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
وَلَدٌ	بیٹا	أَوْلَادٌ	عَمَلٌ	کام	أَعْمَالٌ
طِفْلٌ	لڑکا	أَطْفَالٌ	صَاحِبٌ	دوست	أَصْحَابٌ

فُعُوْلٌ [فُ عُ وْ لٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
شَاهِدٌ	گواہ	شُهُوْدٌ	مَلِكٌ	بادشاہ	مُلُوْكٌ
قَلْبٌ	دل	قُلُوْبٌ	بُرْجٌ	برج	بُرُوْجٌ

فِعَالٌ [فِ عَ الٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
حَسَنٌ	خوب صورت	حِسَانٌ	رَجُلٌ	مرد	رِجَالٌ
عَبْدٌ	بندہ	عِبَادٌ	جَبَلٌ	پہاڑ	جِبَالٌ

فُعُلٌ [فُ عُ لٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
رَسُوْلٌ	پیغمبر	رُسُلٌ	كِتَابٌ	کتاب	كُتُبٌ
عِمَادٌ	ستون	عُمُدٌ	سَبِيْلٌ	راستہ	سُبُلٌ

فُعَّالٌ [فُ عْ عَ الٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
جَاهِلٌ	بے وقوف	جُهَّالٌ	كَافِرٌ	کافر (منکر)	كُفَّارٌ

أَفْعُلٌ [أَفْ عُ لٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
نَهْرٌ	دریا	أَنْهُرٌ	رِجْلٌ	ٹانگ	أَرْجُلٌ
بَحْرٌ	سمندر	أَبْحُرٌ	شَهْرٌ	مہینہ	أَشْهُرٌ

فُعَلَآءُ [فُ عَ لَ اءُ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
شَرِيْفٌ	شریف	شُرَفَآءُ	ضَعِيْفٌ	کمزور	ضُعَفَآءُ
شَاعِرٌ	شاعر	شُعَرَآءُ	عَالِمٌ	علم والا	عُلَمَآءُ

أَفْعِلَةٌ [أَ فْ عِ لَ ةٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
طَعَامٌ	کھانا	أَطْعِمَةٌ	فُؤَادٌ	دل	أَفْئِدَةٌ
لِسَانٌ	زبان	أَلْسِنَةٌ	إِلٰهٌ	معبود	اٰلِهَةٌ

أَفْعِلَآءُ [أَ فْ عِ لَ اءُ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
نَبِيٌّ	پیغمبر	أَنْبِيَآءُ	غَنِيٌّ	دولت مند	أَغْنِيَآءُ
تَقِيٌّ	پرہیز گار	أَتْقِيَآءُ	ذَكِيٌّ	ذہین، ہوشیار	أَذْكِيَآءُ

مَفَاعِلُ [مَ فَ اعِ لُ] اور مَفَاعِيْلُ [مَ فَ اعِ يْ لُ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
مَسْجِدٌ	مسجد	مَسَاجِدُ	مِصْبَاحٌ	چراغ	مَصَابِيْحُ
مَقْعَدٌ	سیٹ	مَقَاعِدُ	مِفْتَاحٌ	چابی	مَفَاتِحُ / مَفَاتِيْحُ

فَعَالِلُ [فَ عَ الِ لُ] اور فَعَالِيْلُ [فَ عَ الِ يْ لُ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
دِرْهَمٌ	چاندی کا سکہ	دَرَاهِمُ	كَوْكَبٌ	ستارہ	كَوَاكِبُ
حَادِثَةٌ	حادثہ	حَوَادِثُ	قِرْطَاسٌ	کاغذ	قَرَاطِيْسُ

عموم وخصوص کے اعتبار سے اسم کی اقسام

اسم نکرہ اور اسم معرفہ (Common Noun and Proper Noun)

اسم نکرہ: عام نام کو اسم نکرہ کہتے ہیں، یعنی ایک ہی طرح کی کئی چیزوں کے عمومی نام، جیسے: قَلَمٌ (ایک قلم) كِتَابٌ (ایک کتاب) كُرْسِيٌّ (ایک کرسی)۔

اسم معرفہ: خاص نام کو اسم معرفہ کہتے ہیں، مثلاً: مُحَمَّدٌ، إِبْرَاهِيمُ، مَكَّةُ۔

اسم معرفہ کی سات اقسام ہیں:

- اسم علم: وہ اسم جو کسی خاص آدمی، خاص شہر یا خاص چیز کے لیے وضع کیا گیا ہو، جیسے: محمد، مکہ، زمزم وغیرہ۔
- اسم ضمیر: وہ اسم ہے جو کسی نام کی جگہ استعمال کیا جائے، جیسے: ﴿اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ﴾ ''وہ اللہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں'' میں ''هُوَ'' اسم ضمیر ہے۔

ضمائر کی گردان یہ ہے:

	مذکر غائب	مؤنث غائب	مذکر مخاطب	مؤنث مخاطب	مذکر ومؤنث متکلم
واحد	هُوَ (وہ/اس)	هِيَ (وہ/اس)	أَنْتَ (تو/تم/آپ)	أَنْتِ (تو/تم/آپ)	أَنَا (میں)
تثنیہ	هُمَا (وہ دونوں/ان دونوں)	هُمَا (وہ دونوں/ان دونوں)	أَنْتُمَا (آپ دونوں/تم دونوں)	أَنْتُمَا (آپ دونوں/تم دونوں)	نَحْنُ (ہم دو/ہم سب)
جمع	هُمْ (وہ سب/ان سب)	هُنَّ (وہ سب/ان سب)	أَنْتُمْ (تم سب/آپ سب)	أَنْتُنَّ (تم سب/آپ سب)	

اور اسی طرح إِيَّاكَ وغیرہ بھی ضمائر ہیں اور کچھ ضمائر فعل کے ساتھ متصل ہوتی ہیں جیسا کہ فعل کی بحث میں ماضی اور مضارع کی علامات سے واضح ہے۔

- اسم اشارہ: اس کی بحث آگے آرہی ہے۔
- اسم موصول: اسم موصول ایسے اسم کو کہتے ہیں جو اپنے صلے سے مل کر جملے کا جز بنتا ہے، جیسے: ﴿اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ﴾ ''وہ لوگ جو غیب پر ایمان لاتے ہیں'' اس کا ترجمہ پڑھنے سے مفہوم ابھی واضح نہیں ہوا، یہ سوال باقی ہے کہ جو غیب پر ایمان لاتے ہیں وہ کون لوگ ہیں؟ ان کا انجام کیسا ہوگا؟ وغیرہ۔ اس سے ظاہر ہوا کہ یہ جملے کا حصہ ہیں کیونکہ جملہ مکمل ہو تو اس سے ایک مفہوم واضح ہو جاتا ہے۔ یہاں ﴿يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ﴾، ﴿اَلَّذِيْنَ﴾ کا صلہ ہے۔ عام اسمائے موصولہ یہ ہیں:

مذکر	اَلَّذِیْ	اَلَّذَانِ/اَلَّذَيْنِ	اَلَّذِيْنَ
مؤنث	اَلَّتِیْ	اَلَّتَانِ/اَلَّتَيْنِ	اَللّٰتِیْ

نوٹ: اُردو میں ان کے معنی عموماً جو، جس، جسے، جنھیں وغیرہ سے ہوتے ہیں۔

- معرف باللام: وہ اسم جس پر [اَلْ] آئے معرف باللام کہلاتا ہے۔ اس کی بحث شروع میں ہو چکی ہے۔

❁ وہ اسم نکرہ جو ان پانچوں اقسام میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو، وہ بھی معرفہ ہو جائے گا، جیسے: ﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴾ ''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا رب ہے۔'' یہاں لفظ ''رَبّ'' نکرہ ہے لیکن ''الْعٰلَمِيْنَ'' معرفہ کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے معرفہ ہو گیا ہے۔

❁ منادیٰ: ایسا اسم جسے حرف ندا (یَا ''اے'' وغیرہ) کے ذریعے سے پکارا جائے، جیسے: ﴿ يٰزَكَرِيَّا ﴾ ''اے زکریا!'' اور کبھی حرف ندا محذوف ہوتا ہے، جیسے: ﴿ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ﴾ ''اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے۔''

اعراب

عوامل کے مختلف ہونے سے کلمات کے آخر پر رونما ہونے والی ظاہری یا پوشیدہ تبدیلی کو اعراب کہتے ہیں۔ اور جس کلمے پر یہ تبدیلی ہو اسے معرب کہتے ہیں۔

اعراب کی چار قسمیں ہیں:

① رفع ② نصب ③ جر ④ جزم

جس پر رفع ہو اسے مرفوع، جس پر نصب ہو اسے منصوب، جس پر جر ہو اسے مجرور اور جس پر جزم ہو اسے مجزوم کہتے ہیں۔ جر صرف اسماء پر آتا ہے اور جزم صرف فعلوں پر آتا ہے۔

رفع کی علامات: ضمہ، [و] اور ثبوتِ نون ہیں۔ علامت ثبوتِ نون فعلوں کے ساتھ خاص ہے۔

نصب کی علامات: فتحہ، کسرہ، [ا]، [ي] اور حذفِ نون ہیں۔ علامت حذفِ نون فعلوں کے ساتھ خاص ہے۔

جر کی علامات: کسرہ، فتحہ اور [ي] ہیں۔

جزم کی علامات: سکون، حذفِ حرف علت اور حذفِ نون ہیں۔

اعراب سے یہ تعین ہوتا ہے کہ جملے میں کوئی کلمہ فاعل (Subject) ہے یا مفعول (Object) وغیرہ۔ مثلاً: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ ﴾ ''اور جب ابراہیم (علیہ السلام) کو اس کے رب نے آزمایا۔'' اس آیت میں لفظ ''ابراہیم'' پر نصب [ـَ] نے واضح کیا ہے کہ یہ مفعول ہے اور ''رَبُّهٗ'' پر رفع سے پتہ چلا کہ یہ فاعل ہے۔ اُردو میں فاعل کے بعد عموماً ''نے'' اور مفعول کے بعد عموماً ''کو'' استعمال ہوتا ہے۔

نوٹ: معرب کے مقابلے میں مبنی ہوتا ہے۔ مبنی سے مراد وہ کلمہ ہے جس کا آخر عوامل کے مختلف ہونے کے باوجود ایک ہی حالت پر برقرار رہے۔ اسم ضمیر، اسم اشارہ اور اسم موصول ہمیشہ مبنی ہوتے ہیں۔

مرفوعات کی اقسام

مرفوعات وہ ہیں جن میں رفع کی علامت موجود ہو۔ مرفوعات آٹھ ہیں:

* فاعل: وہ ذات جس سے فعل واقع ہو، جیسے: ﴿ يَتُوْبُ اللّٰهُ ﴾ ''اللہ توبہ قبول فرماتا ہے۔''
* نائب فاعل: ایسا مفعول جسے فاعل کی جگہ پر لایا گیا ہو، جیسے: ﴿ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ ﴾ ''اے لوگو! ایک مثال بیان کی جاتی ہے۔'' یہاں [مَثَلٌ] نائب فاعل ہے۔
* مبتدا: جس اسم سے جملے کی ابتدا ہو وہ مبتدا کہلاتا ہے اور یہ عموماً معرفہ ہوتا ہے، جیسے: ﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴾ یہاں جملے کی ابتدا اسم [اَلْحَمْدُ] سے ہو رہی ہے، لہٰذا یہ مبتدا ہے اور ایسے جملے کو جملہ اسمیہ کہتے ہیں۔
* خبر: جو جملہ اسم سے شروع ہو رہا ہو اس کے دوسرے جز کو خبر کہتے ہیں، جیسے: ﴿ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ﴾ ''اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔'' اس آیت میں لفظ [اَللّٰه] مبتدا اور [نُوْر] خبر ہے۔
* إِنَّ وغیرہ کی خبر: مبتدا اور خبر کے شروع میں جب ''إِنَّ'' تاکید کے لیے آتا ہے تو مبتدا کو إِنَّ کا اسم اور خبر کو إِنَّ کی خبر کہا جاتا ہے۔ إِنَّ وغیرہ کا اسم منصوب اور خبر مرفوع ہوتی ہے، جیسے: ﴿ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴾ ''بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا، انتہائی مہربان ہے۔'' یہاں لفظ [اَللّٰه] منصوب ہے کیونکہ یہ ''إِنَّ'' کا اسم ہے اور [غَفُوْرٌ] مرفوع ہے کیونکہ یہ خبر ہے۔
* كَانَ وغیرہ کا اسم: مبتدا اور خبر پر لفظ ''كَانَ'' آئے تو مبتدا ''كَانَ'' کا اسم کہلاتا ہے اور خبر ''كَانَ'' کی خبر کہلاتی ہے۔ ''كَانَ'' کا اسم ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے اور خبر ہمیشہ منصوب ہوتی ہے، جیسے: ﴿ كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴾ ''اللہ بہت جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے۔''
* مَا اور لَا کا اسم: یہ بھی مرفوع اور ان کی خبر منصوب ہوتی ہے، جیسے: ﴿ مَا هٰذَا بَشَرًا ﴾ ''یہ (یوسف) بشر نہیں۔''
نوٹ: اگرچہ ''هٰذَا'' اسم اشارہ مبنی ہونے کی وجہ سے بظاہر مرفوع نہیں مگر اپنے محل اور مقام کے اعتبار سے مرفوع ہے، اسے مرفوع محلی کہتے ہیں۔
* لائے نفی جنس کی خبر: لائے نفی جنس سے مراد وہ ''لَا'' ہے جس کے ذریعے پوری جنس سے خبر کی نفی کی گئی ہو، جیسے: «لَاشَجَرَةَ مُثْمِرَةٌ» ''کوئی درخت پھل دار نہیں'' اس میں لفظ [مُثْمِرَةٌ] مرفوع ہے۔ اور [لَا] کے ذریعے تمام درختوں سے پھل دار ہونے کی نفی ہے، اس وجہ سے اسے لائے نفی جنس کہا جاتا ہے۔

منصوبات

منصوبات وہ ہیں جن میں نصب کی علامت موجود ہو۔ منصوبات بارہ ہیں:

- مفعول بہ: جس اسم پر فاعل کا فعل واقع ہو وہ مفعول بہ کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ﴾ ''اور اپنے اعمال ضائع نہ کرو۔'' یہاں [أَعْمَالَ] مفعول بہ ہے۔
- مفعول مطلق: وہ مصدر جو اپنے ہم لفظ یا ہم معنی فعل کے بعد تاکید، نوع یا عدد بیان کرنے کے لیے آئے، مفعول مطلق کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ﴾ ''اور خوب ٹھہر ٹھہر کر قرآن مجید کی تلاوت کیجیے۔'' میں

لفظ [تَرْتِيلًا] مفعول مطلق ہے۔

- مفعول لَہٗ: ایسا اسم جو کسی کام کی غرض و غایت بیان کرے کہ یہ کام کس بنا پر ہوا یا کیا گیا مفعول لہ کہلاتا ہے، جیسے: ﴿وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ﴾ ''اور اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو۔'' یہاں [خَشْيَةَ] مفعول لہ ہے۔
- مفعول معہ: وہ اسم جو [و] بمعنی ''مَعَ'' کے بعد واقع ہو، اسے مفعول معہ کہتے ہیں، جیسے: ﴿يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ﴾ ''اے پہاڑو! اس (داود) کے ساتھ تسبیح دہراؤ اور (اے) پرندو! (تم بھی۔'') یہاں [الطَّيْرَ] مفعول معہ ہے کیونکہ یہاں [و] مَعَ کے معنی میں ہے، جیسا کہ ترجمے سے واضح ہے۔
- مفعول فیہ: جس جگہ یا وقت میں فعل واقع ہو، اسے مفعول فیہ یا ظرف کہتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں:

✳ ظرف مکان ✳ ظرف زمان

- ظرف مکان: جیسے: ﴿وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ﴾ ''جبکہ ان کے آگے ایک بادشاہ تھا۔'' یہاں لفظ [وَرَاءَ] مفعول فیہ (ظرف) ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔
- ظرف زمان: جیسے: ﴿يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا﴾ ''جس دن ہم متقیوں کو رحمٰن کی طرف (بطور) مہمان اکٹھا کر لائیں گے۔'' یہاں لفظ [يَوْمَ] ظرف ہے۔
- حال: ایسا اسم جو کسی ذات کی حالت کو بیان کرے حال کہلاتا ہے، جیسا کہ اوپر والی مثال میں لفظ ''وَفْدًا'' ہے۔
- تمیز: ایسا اسم جو کسی چیز کا ابہام اور پوشیدگی دور کر دے، تمیز کہلاتا ہے، جیسے: ﴿اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا﴾ ''بے شک میں نے (خواب میں) گیارہ ستارے دیکھے۔'' اگر یہاں [كَوْكَبًا] کا لفظ نہ ہوتو ہمیں یہ پتا نہیں چلے گا کہ وہ گیارہ چیزیں کیا تھیں؟ [كَوْكَبًا] نے اس پوشیدگی کو دور کر دیا۔
- مستثنیٰ: جو اسم ''اِلَّا'' وغیرہ کے بعد اسے ماقبل کے حکم سے الگ کرنے کے لیے ذکر ہو وہ مستثنیٰ کہلاتا ہے، جیسے: ﴿فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ﴾ ''تو انھوں (فرشتوں) نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے (نہ کیا۔'')

مجرورات

مجرورات وہ ہیں جن میں جر کی علامت موجود ہو، مجرورات دو ہیں:

① جن اسماء سے پہلے حروف جارّہ آئیں، جیسے: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ میں لفظ [اِسْم]، ''ب'' کی وجہ سے مجرور ہے۔

② مضاف الیہ، یعنی وہ اسماء جن کی طرف کسی کی نسبت (اضافت) کی جائے، جیسے: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ﴾ میں [اِسْم] کی نسبت لفظ [اَللّٰه] کی طرف کی گئی ہے، یعنی اللہ کے نام سے۔ اور اُردو میں اضافت کا معنی کرتے ہوئے عام طور پر ''کا، کی، کے'' آتا ہے، جیسے: [كِتَابُ اللّٰهِ] ''اللہ کی کتاب'' میں ''کی'' ہے۔

فعل (Verb)

فعل: کسی کام کے کرنے یا ہونے کو فعل کہتے ہیں، جیسے: ﴿ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ ﴾ ''اس نے تمھارے لیے پیدا کیا جو کچھ زمین میں ہے۔'' یہاں [خَلَقَ] ''پیدا کیا'' فعل ہے۔

زمانے کے اعتبار سے فعل کی قسمیں

زمانے کے اعتبار سے فعل کی چار قسمیں ہیں:

❁ ماضی ❁ مضارع ❁ امر ❁ نہی

❁ فعل ماضی: وہ فعل جس سے پتا چلے کہ کام گزرے ہوئے زمانے میں ہو چکا ہے، مثلاً: قَالَ ''اس نے کہا'' جَاهَدَ ''اس نے انتہائی کوشش کی۔''

❁ فعل مضارع: وہ فعل جس میں موجودہ یا آئندہ زمانے میں کام کرنے کا مفہوم پایا جاتا ہو، مثلاً: يَسْمَعُ ''وہ سنتا ہے یا سنے گا۔'' تَعْلَمُوْنَ ''تم جانتے ہو یا جان لوگے۔''

نوٹ: فعل مضارع، حال اور مستقبل دونوں زمانوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

❁ فعل امر: وہ فعل جس میں کسی شخص کو کام کرنے کا حکم دیا جائے، مثلاً: ﴿ لِيَشْهَدْ ﴾ ''چاہیے کہ وہ حاضر ہو۔'' ﴿ اِفْعَلُوْا ﴾ ''تم کام کرو۔'' ﴿ اُعْبُدْ ﴾ ''تو عبادت کر۔''

❁ فعل نہی: نہی اس فعل کو کہتے ہیں جس میں کسی کام سے حکماً روکا گیا ہو، مثلاً: ﴿ لَا تُشْرِكْ ﴾ ''تو شرک نہ کر۔'' ﴿ لَا يَسْخَرْ ﴾ ''وہ ٹھٹھا نہ کرے۔''

نوٹ: فاعل کے اعتبار سے صیغے تین قسم کے ہوتے ہیں:

○ غائب: جس کے بارے میں بات کی جائے، اسے غائب کہتے ہیں۔

○ مخاطب: جس سے بات کی جائے، اسے حاضر/مخاطب کہتے ہیں۔

○ متکلم: بات کرنے والے شخص/اشخاص کو متکلم کہتے ہیں۔

مفعول کے اعتبار سے فعل کی قسمیں

مفعول کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں:

❁ لازم ❁ متعدی

✳ فعل لازم (Intransitive): جو فعل صرف فاعل ہی کے ساتھ پورا ہو جائے اور اسے مفعول کی ضرورت نہ ہو، وہ فعل لازم کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ وَ جَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ﴾ ''اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا۔'' یہاں [جَاءَ] ''آیا'' فعل لازم ہے جس کا فاعل [رَجُلٌ] ''ایک شخص'' ہے۔

✳ فعل متعدی (Transitive): جس فعل کو فاعل کے ساتھ مفعول کی بھی ضرورت ہو وہ فعل متعدی کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ ﴾ ''کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو؟'' یہاں [تَأْمُرُوْنَ] ''تم حکم دیتے ہو۔'' فعل متعدی ہے۔ اس کا فاعل ضمیر ہے اور [النَّاسَ] ''لوگوں کو'' اس کا مفعول ہے۔

نسبت کے اعتبار سے فعل کی قسمیں

نسبت کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں:

❁ فعل معروف ❁ فعل مجہول

❁ فعل معروف (Active Verb): جس فعل کی نسبت فاعل کی طرف ہو، اسے فعل معروف کہتے ہیں، جیسے: ﴿ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ ﴾ ''اور آیا فرعون'' یہاں [جَآءَ] ''آیا'' فعل معروف ہے کیونکہ اس کی نسبت اس کے فاعل [فِرْعَوْنُ] کی طرف ہے، اسی طرح ﴿ اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴾ ''جب قیامت واقع ہو جائے گی'' میں [وَقَعَتْ] فعل معروف ہے کیونکہ اس کی نسبت فاعل [الْوَاقِعَةُ] کی طرف ہے۔

❁ فعل مجہول (Passive Verb): جس فعل کا فاعل مذکور نہ ہو اور اس فعل کی نسبت مفعول کی طرف ہو، وہ فعل مجہول کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ خُلِقَ الْاِنْسٰنُ ضَعِيْفًا ﴾ ''انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔'' ﴿ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ ﴾ ''تم پر روزہ رکھنا فرض کیا گیا ہے۔'' ﴿ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ ﴾ ''ان سے عذاب ہلکا نہیں کیا جائے گا۔''

ان مثالوں پر غور کرنے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اگرچہ انسان کے پیدا کرنے والی اور روزہ فرض قرار دینے والی اور عذاب میں تخفیف کرنے والی ذات اللہ تعالیٰ کی ہے لیکن افعال کی نسبت اللہ تعالیٰ، یعنی فاعل کی طرف نہیں ہے بلکہ فاعل مذکور ہی نہیں اور فعل کی نسبت مفعول کی طرف ہے، چنانچہ یہ تینوں افعال مجہول ہیں۔

نوٹ: فعل مجہول صرف فعل متعدی سے بنتا ہے۔ فعل لازم سے فعل مجہول براہِ راست نہیں بنتا کیونکہ فعل لازم کا مفعول نہیں ہوتا اور فعل مجہول میں نسبت مفعول کی طرف ہوتی ہے۔

فعل مجہول کی علامات

◎ ماضی مجہول: ماضی مجہول کا آخری سے پہلا حرف مکسور اور اس سے پہلے تمام متحرک حروف مضموم ہوں گے، خواہ ایک ہی حرف کیوں نہ ہو، جیسے: [كَتَبَ] فعل معروف ہے اس میں آخری حرف [بَ] ہے، لہٰذا فعل مجہول بنانے کے لیے اس سے پہلے [تَ] کو کسرہ (زیر) دیں گے اور [تَ] سے پہلے والے حرف کی حرکت کو ضمہ سے بدل دیں گے۔ یوں: ﴿ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ ﴾ ''لڑنا تم پر فرض کیا گیا ہے۔'' میں [كُتِبَ] فعل مجہول ہے۔ اسی قاعدے کے مطابق [أُنْزِلَ] ''اس نے اتارا'' سے [أُنْزِلَ] ''اتارا گیا'' اور [اِبْتَلٰى] ''اس نے آزمایا'' سے [اُبْتُلِيَ] ''وہ آزمایا گیا'' ہیں۔

◎ مضارع مجہول: مضارع مجہول میں علاماتِ مضارع [أ، ت، ی، ن] جو شروع میں آتی ہیں، مضموم اور حروف اصلیہ میں سے آخری سے پہلا حرف مفتوح ہوتا ہے، جیسے: ﴿وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ﴾ ''اور نہ وہ مہلت دیے جائیں گے'' یہاں [يُنْظَرُوْنَ] فعل مضارع مجہول ہے۔ اس کا مادہ [نَظَرَ] ہے اور آخری حرف سے پہلا حرف [ظ] ہے جو مفتوح ہے اور شروع میں علامت مضارع مضموم ہے، اسی طرح آیت کریمہ: ﴿اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ﴾ ''کیا (وہ اللہ کی اولاد ہے) جس کی زیور میں پرورش کی جاتی ہے'' یہاں [يُنَشَّأُ] ''وہ پرورش کی جاتی ہے'' فعل مضارع مجہول ہے۔

نوٹ: ماضی، مضارع معروف و مجہول میں کبھی حروفِ علت (Vowels) آجاتے ہیں جن کی وجہ سے صیغے کی شکل مختلف ہو جاتی ہے، مثلاً: مادہ [ق و ل] سے فعل ماضی معروف ''قَالَ'' اور ماضی مجہول ''قِيْلَ'' ہے جبکہ مذکورہ قاعدے کی رو سے اسے [قُوِلَ] ہونا چاہیے تھا۔ ایسے ہی مادہ میں کبھی ایک جیسے دو حرف آنے کی وجہ سے مذکورہ قاعدے پر عمل نہیں ہوتا۔

فعل کی گردانیں

عددی حیثیت، تذکیر و تانیث اور ضمیر کے اعتبار سے فعل کے بدلتے ہوئے صیغوں کے مجموعے کو گردان کہتے ہیں۔ فعل کی بنیادی گردانیں درج ذیل ہیں:

فعل ماضی معروف کی گردان:

	مذکر غائب	مؤنث غائب	مذکر مخاطب	مؤنث مخاطب	مذکر و مؤنث متکلم
واحد	نَصَرَ	نَصَرَتْ	نَصَرْتَ	نَصَرْتِ	نَصَرْتُ
تثنیہ	نَصَرَا	نَصَرَتَا	نَصَرْتُمَا	نَصَرْتُمَا	نَصَرْنَا
جمع	نَصَرُوْا	نَصَرْنَ	نَصَرْتُمْ	نَصَرْتُنَّ	

ماضی معروف و مجہول کی گردان کی تفصیل درج ذیل ہے:

ماضی معروف	معانی	ماضی مجہول	معانی	عدد	جنس	حالت
نَصَرَ	اس ایک مرد نے مدد کی	نُصِرَ	اس ایک مرد کی مدد کی گئی	واحد	مذکر	غائب

یہ تمام علامات سے خالی واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے۔ اس کے ذریعے سے فعل، مصدر اور مشتق میں حروف اصلیہ کو پہچانا جا سکتا ہے۔ اسی وجہ سے عربی لغت کی کتابوں میں مادے میں سب سے پہلے اسی صیغے کو ذکر کیا جاتا ہے۔ اگر اس کا فاعل ضمیر ہو تو [هُوَ] ضمیر پوشیدہ ہوگی۔

نَصَرَا	ان دو مردوں نے مدد کی	نُصِرَا	ان دو مردوں کی مدد کی گئی	تثنیہ	مذکر	غائب

اس میں [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔

نَصَرُوْا	انھوں نے مدد کی	نُصِرُوْا	ان کی مدد کی گئی	جمع	مذکر	غائب
اس میں [و] علامت جمع مذکر اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اور [و] کے بعد [ا] اس لیے ہے کہ یہ [و] عاطفہ نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ واو جمع کے بعد الف، واو جمع اور واو عاطفہ میں فرق کے لیے آتا ہے۔						
نَصَرَتْ	اس ایک عورت نے مدد کی	نُصِرَتْ	اس ایک عورت کی مدد کی گئی	واحد	مؤنث	غائب
اس میں [تْ] ساکن علامت تانیث ہے اور اگر فاعل ضمیر ہو تو یہاں [ھِیَ] ضمیر پوشیدہ ہوگی۔						
نَصَرَتَا	ان دو عورتوں نے مدد کی	نُصِرَتَا	ان دو عورتوں کی مدد کی گئی	جمع	مؤنث	غائب
[نَصَرَا] میں [ا] کی طرح یہاں بھی [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اور [نَصَرَتْ] میں [ت] کی طرح یہاں بھی [ت] مؤنث کی علامت ہے۔ اور یہاں مفتوح اس لیے ہے کہ اس [ت] کے بعد [ا] ہے۔						
نَصَرْنَ	ان سب عورتوں نے مدد کی	نُصِرْنَ	ان سب عورتوں کی مدد کی گئی	جمع	مؤنث	غائب
اس میں [نَ] جمع مؤنث غائب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتَ	تو ایک مرد نے مدد کی	نُصِرْتَ	تیری (ایک مرد کی) مدد کی گئی	واحد	مذکر	مخاطب
اس میں [تَ] واحد مذکر مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتُمَا	تم دو مردوں نے مدد کی	نُصِرْتُمَا	تم دو مردوں کی مدد کی گئی	تثنیہ	مذکر	مخاطب
اس میں [تُمَا] تثنیہ مذکر مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتُمْ	تم سب مردوں نے مدد کی	نُصِرْتُمْ	تم سب مردوں کی مدد کی گئی	جمع	مذکر	مخاطب
اس میں [تُمْ] جمع مذکر مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتِ	تو ایک عورت نے مدد کی	نُصِرْتِ	تو ایک عورت کی مدد کی گئی	واحد	مؤنث	مخاطب
اس میں [تِ] واحد مؤنث مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتُمَا	تم دو عورتوں نے مدد کی	نُصِرْتُمَا	تم دو عورتوں کی مدد کی گئی	تثنیہ	مؤنث	مخاطب
اس میں [تُمَا] تثنیہ مؤنث مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتُنَّ	تم سب عورتوں نے مدد کی	نُصِرْتُنَّ	تم سب عورتوں کی مدد کی گئی	جمع	مؤنث	مخاطب
اس میں [تُنَّ] جمع مؤنث مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
نَصَرْتُ	میں ایک مرد یا عورت نے مدد کی	نُصِرْتُ	میری ایک مرد یا عورت کی مدد کی گئی	واحد	مذکر/ مؤنث	متکلم
اس میں [تُ] واحد مذکر و مؤنث متکلم کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						

نَصَرْنَا	ہم سب مردوں/عورتوں نے مدد کی	نُصِرْنَا	ہم سب مردوں/عورتوں کی مدد کی گئی	تثنیہ/جمع	مذکر/مؤنث	متکلم
اس میں [نَا] تثنیہ وجمع، مذکر ومؤنث متکلم کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						

اب ہم مندرجہ بالا نقشے میں مادہ اور علامات وضمائر کو علیحدہ کریں تو ہمارے سامنے یہ صورت آئے گی:

فعل	علامات	فعل	علامات
نصر	.....	نصر	ا
نصر	وْا	نصر	تْ
نصر	تَا	نصر	نَ
نصر	تَ	نصر	تُمَا
نصر	تُمْ	نصر	تِ
نصر	تُمَا	نصر	تُنَّ
نصر	تُ	نصر	نَا

ان علامات کو کسی بھی فعل کے مادے کے آخر میں لگا کر ہم مطلوبہ صیغہ پہچان سکتے بلکہ بنا سکتے ہیں، مثلاً: [کتب] مادہ ہے اور ہمیں یہ مفہوم ادا کرنا ہے: ''ان دونوں نے لکھا۔'' تو ہم دیکھیں گے کہ کون سی علامت اور ضمیر اس مفہوم کو ادا کرتی ہے۔ تلاش کرنے سے معلوم ہوا کہ وہ علامت [ا] ہے تو ہم نے اس [ا] کو [کَتَبَ] کے آخر میں لکھ دیا تو [کَتَبَا] ''ان دونوں نے لکھا۔'' ہوگیا۔ علی ہذا القیاس یہی علامات لگا کر ہم مفہوم سمجھ بھی سکتے ہیں اور ادا بھی کر سکتے ہیں، جیسے:

نَظَرَ ''اس نے دیکھا'' کے آخر میں [ا] سے [نَظَرَا] ''ان دونوں نے دیکھا''

نَظَرَ کے آخر میں [وْا] سے [نَظَرُوْا] ''ان سب مردوں نے دیکھا''

نَظَرَ کے آخر میں [تُمْ] سے [نَظَرْتُمْ] ''تم سب مردوں نے دیکھا''

قرآن مجید میں ہے: ﴿قَتَلْتُمْ نَفْسًا﴾ ''تم نے ایک جان کو قتل کیا۔'' یہاں [قَتَلْتُمْ] میں [تُمْ] جمع مذکر مخاطب کی علامت ہے اور یہی فاعل کی ضمیر بھی ہے چنانچہ اس تفصیل سے چند امور سامنے آتے ہیں۔

* فعل ماضی معروف اور مجہول میں حرکات کے علاوہ باقی شکل وصورت ایک جیسی ہوتی ہے۔
* فعل ماضی معروف میں یہ علامات وضمائر فاعل اور فعل ماضی مجہول میں نائب فاعل ہوتی ہیں۔
* فعل ماضی میں تمام علامات وضمائر آخر میں لگائی جاتی ہیں جبکہ فعل مضارع میں غائب ومخاطب ومتکلم کی علامات مادے کے شروع میں اور ضمائر آخر میں آتی ہیں۔ ظاہری طور پر ماضی اور مضارع میں فرق کرنے کے لیے یہی سب

سے واضح علامت ہے۔

نوٹ: ✳ اگر حروف اصلیہ میں سے کوئی حرف علت [ا، و، ی] ہو تو مادے کی شکل وصورت تو بدلے گی مگر علامات اسی طرح رہیں گی، جیسے: ﴿ قُلْتُمْ ﴾ ''تم نے کہا'' یہ لفظ اصل میں [قَوَلْتُمْ] ہے چونکہ حروف اصلیہ کی جگہ حرف علت ہے اس کی شکل تو بدل گئی لیکن [قُلْتُمْ] میں ضمیر اسی طرح موجود ہے۔

✳ یہ قواعد تین حرفی ماضی کے ہیں جبکہ تین حرف سے زائد ماضی کے آخر میں بالکل یہی علامات آئیں گی، البتہ باقی مادہ ابواب کے اعتبار سے بدل جائے گا، جیسے: ﴿ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ ﴾ ''پھر تم پھر گئے'' ماضی تو ہے مگر باب مختلف ہونے کی وجہ سے اس کا وزن [نَصَرْتُمْ] وغیرہ سے مختلف ہے۔

❁ فعل مضارع معروف کی گردان:

	مذکر غائب	مؤنث غائب	مذکر مخاطب	مؤنث مخاطب	مذکر ومؤنث متکلم
واحد	يَنْصُرُ	تَنْصُرُ	تَنْصُرُ	تَنْصُرِيْنَ	أَنْصُرُ
تثنیہ	يَنْصُرَانِ	تَنْصُرَانِ	تَنْصُرَانِ	تَنْصُرَانِ	نَنْصُرُ
جمع	يَنْصُرُوْنَ	يَنْصُرْنَ	تَنْصُرُوْنَ	تَنْصُرْنَ	

❁ فعل مضارع مجہول کی گردان:

	مذکر غائب	مؤنث غائب	مذکر مخاطب	مؤنث مخاطب	مذکر ومؤنث متکلم
واحد	يُنْصَرُ	تُنْصَرُ	تُنْصَرُ	تُنْصَرِيْنَ	أُنْصَرُ
تثنیہ	يُنْصَرَانِ	تُنْصَرَانِ	تُنْصَرَانِ	تُنْصَرَانِ	نُنْصَرُ
جمع	يُنْصَرُوْنَ	يُنْصَرْنَ	تُنْصَرُوْنَ	تُنْصَرْنَ	

مضارع معروف ومجہول کی گردان کی تفصیل درج ذیل ہے:

مضارع معروف	معانی	مضارع مجہول	معانی	عدد	جنس	حالت
يَنْصُرُ	وہ ایک مرد مدد کرتا ہے/ کرے گا	يُنْصَرُ	وہ ایک مرد مدد کیا جاتا ہے/ جائے گا	واحد	مذکر	غائب
اس میں [ی] حرف مضارع اور غائب کی علامت ہے۔ اگر اس کا فاعل ضمیر ہو تو اس میں [هُوَ] ضمیر پوشیدہ ہوگی۔						
يَنْصُرَانِ	وہ دو مرد مدد کرتے ہیں/ کریں گے	يُنْصَرَانِ	وہ دو مرد مدد کیے جاتے ہیں/ جائیں گے	تثنیہ	مذکر	غائب
اس میں [ی] حرف مضارع اور غائب کی علامت ہے۔ [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اور [ن] اعرابی ہے۔						

يَنْصُرُوْنَ	وہ مدد کرتے ہیں/ کریں گے	يُنْصَرُوْنَ	ان کی مدد کی جاتی ہے/ جائے گی	جمع	مذکر	غائب

اس میں [ی] حرف مضارع اور غائب کی علامت ہے اور [و] جمع مذکر کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔

تَنْصُرُ	وہ ایک عورت مدد کرتی ہے/ کرے گی	تُنْصَرُ	اس ایک عورت کی مدد کی جاتی ہے/ جائے گی	واحد	مؤنث	غائب

اس میں [ت] حرف مضارع اور مؤنث غائب کی علامت ہے اور اس میں [هِيَ] ضمیر پوشیدہ فاعل ہے۔

تَنْصُرَانِ	وہ دو عورتیں مدد کرتی ہیں/ کریں گی	تُنْصَرَانِ	ان دو عورتوں کی مدد کی جاتی ہے/ جائے گی	تثنیہ	مؤنث	غائب

اس میں [ت] حرف مضارع اور مؤنث غائب کی علامت ہے اور [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔

يَنْصُرْنَ	وہ سب مدد کرتی ہیں/ کریں گی	يُنْصَرْنَ	وہ سب مدد کی جاتی ہیں/ جائیں گی	جمع	مؤنث	غائب

اس میں [ی] حرف مضارع اور غائب کی علامت ہے اور [نَ] جمع مؤنث کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔

تَنْصُرُ	تو مدد کرتا ہے/ کرے گا	تُنْصَرُ	تو مدد کیا جاتا ہے/ جائے گا	واحد	مذکر	مخاطب

اس میں [ت] حرف مضارع اور خطاب (حاضر) کی علامت ہے۔ اس میں [أَنْتَ] ضمیر پوشیدہ فاعل ہے۔

تَنْصُرَانِ	تم دونوں مدد کرتے ہو/ کرو گے	تُنْصَرَانِ	تم دونوں مدد کیے جاتے ہو/ جاؤ گے	تثنیہ	مذکر	مخاطب

اس میں [ت] حرف مضارع اور علامتِ خطاب ہے اور [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔

تَنْصُرُوْنَ	تم مدد کرتے ہو/ کرو گے	تُنْصَرُوْنَ	تم مدد کیے جاتے ہو/ جاؤ گے	جمع	مذکر	مخاطب

اس میں [ت] حرف مضارع اور علامتِ خطاب ہے اور [و] جمع مذکر کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔

تَنْصُرِيْنَ	تو مدد کرتی ہے/ کرے گی	تُنْصَرِيْنَ	تیری مدد کی جاتی ہے/ جائے گی	واحد	مؤنث	مخاطب

اس میں [ت] حرف مضارع اور علامتِ خطاب ہے اور [ی] واحد مؤنث مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔

تَنْصُرَانِ	تم دونوں مدد کرتی ہو/ کرو گی	تُنْصَرَانِ	تم دونوں کی مدد کی جاتی ہے/ جائے گی	تثنیہ	مؤنث	مخاطب

اس میں [ت] حرف مضارع اور علامتِ خطاب ہے اور [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔

تَنْصُرْنَ	تم مدد کرتی ہو/ کروگی	تُنْصَرْنَ	تم مدد کی جاتی ہو/ جاؤ گی	جمع	مؤنث	مخاطب
اس میں [تَ] حرف مضارع اور علامتِ خطاب ہے اور [نَ] جمع مؤنث کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
أَنْصُرُ	میں مدد کرتا ہوں/ کروں گا	أُنْصَرُ	میں مدد کیا جاتا ہوں/ جاؤں گا	واحد	مذکر/ مؤنث	متکلم
اس میں [أَ] حرف مضارع اور واحد مذکر و مؤنث متکلم کی علامت ہے اور اس میں "أَنَا" ضمیر پوشیدہ فاعل ہے۔						
نَنْصُرُ	ہم مدد کرتے ہیں/ کریں گے	نُنْصَرُ	ہم مدد کیے جاتے ہیں/ جائیں گے	تثنیہ/ جمع	مذکر/ مؤنث	متکلم
اس میں [نَ] حرف مضارع اور تثنیہ و جمع، مذکر و مؤنث متکلم کی علامت ہے اور اس میں "نَحْنُ" ضمیر پوشیدہ فاعل ہے۔						

فعل ماضی کی طرح یہاں بھی مندرجہ بالا نقشے میں مادے اور علامات کو علیحدہ کریں تو ہمارے سامنے یہ صورت آئے گی:

يَـ	نصر	ـــــ
يَـ	نصر	انِ
يَـ	نصر	وُنَ
تَـ	نصر	
تَـ	نصر	انِ
يَـ	نصر	نَ
تَـ	نصر	ـــــ

تَـ	نصر	انِ
تَـ	نصر	وُنَ
تَـ	نصر	يُنَ
تَـ	نصر	انِ
تَـ	نصر	نَ
أَ	نصر	ـــــ
نَ	نصر	ـــــ

اگر ہمیں حال یا استقبال کا مفہوم ادا کرنا ہے، مثلاً: ہمیں اس جملے کا مفہوم چاہیے: "ہم عبادت کرتے ہیں" تو ہم[عبد] کے شروع میں [نَ] لائیں گے کیونکہ یہ "ہم" کا مفہوم دیتا ہے اور [نَعْبُدُ] بن جائے گا، اسی طرح جس مادے سے جو بھی سمجھنا یا سمجھانا چاہیں شروع اور آخر میں اس کے مطابق علامات اور ضمائر کا استعمال کریں یا سمجھیں، جیسے: جَعَلَ (بنانا) کے شروع میں [تَ] اور آخر میں [وْنَ] لگانے سے [تَجْعَلُوْنَ] "تم بناتے ہو" ہو گیا۔

نوٹ: ✳ اسماء ہوں یا افعال، تثنیہ اور جمع میں فرق کرنے کے لیے یہ علامت ہے کہ تثنیہ کا [ن] مکسور ہو گا جبکہ جمع کا [ن] مفتوح ہو گا، جیسے: ﴿ اَلْعٰلَمِيْنَ ﴾ "تمام جہان" جمع ہے اس وجہ سے [ن] مفتوح ہے اور ﴿ يُرِيْدَانِ ﴾ "وہ دونوں ارادہ رکھتے ہیں" یہاں [ن] مکسور ہے کیونکہ یہ تثنیہ کا صیغہ ہے۔

✳ فعل ماضی کے شروع میں کوئی علامت نہیں ہوتی جبکہ مضارع کے شروع میں [أ، ت، ی، ن] میں سے کوئی نہ کوئی

علامت ضرور ہوتی ہے۔

* فعل مضارع کے تمام صیغوں کے شروع میں [أ، ت، ی، ن] میں سے کوئی حرف ضرور ہوتا ہے اور آخری جانب سے نو(9) صیغوں کے بعد [ن] آتا ہے اور پانچوں صیغوں کے آخری حرف پر ضمہ [ـُ] آتا ہے، لہٰذا جس فعل کے آخر میں [ن] یا [و] کے علاوہ ضمہ آئے اور شروع میں [أ، ت، ی، ن] میں سے کوئی حرف ہو وہ فعل مضارع ہوگا۔ فعل مضارع پر بعض حروف کے آنے سے [ن] ساقط ہو جاتا ہے، جیسے: ﴿ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ ﴾ ''تم ہرگز نیکی کو نہیں پہنچ سکتے'' یہاں [تَنَالُوْا] فعل مضارع ہے اور اصل میں [تَنَالُوْنَ] تھا لیکن [لَنْ] کی وجہ سے [تَنَالُوْنَ] کا [نَ] ساقط ہو گیا ہے، لیکن [نَالَ] کے شروع میں علامت مضارع [ت] موجود ہے اس وجہ سے یہ مضارع ہے۔

۞ امر حاضر کی گردان:

	مذکر مخاطب		مؤنث مخاطب	
واحد	اُكْتُبْ	تو (ایک مذکر) لکھ	اُكْتُبِيْ	تو (ایک مؤنث) لکھ
تثنیہ	اُكْتُبَا	تم دونوں (مذکر) لکھو	اُكْتُبَا	تم دونوں (مؤنث) لکھو
جمع	اُكْتُبُوْا	تم (جمع مذکر) لکھو	اُكْتُبْنَ	تم (جمع مؤنث) لکھو

امر بنانے کا طریقہ

اوپر فعل مضارع کی علامات بیان ہوئی ہیں ان کو مدنظر رکھتے ہوئے امر مخاطب، مخاطب کے صیغوں سے اور امر غائب، غائب کے صیغوں سے بنتا ہے، فعل مضارع مخاطب کے چھ(6) صیغے ہیں۔

فعل مضارع سے علامت مضارع [ت] ساقط کر کے آخری حرف کو ساکن کرنے اور اگر آخر میں نون اعرابی یا حرف علت ہے تو اسے گرا دینے سے امر مخاطب بنتا ہے، بشرطیکہ [ت] کے بعد والا حرف متحرک (حرکت والا) ہو، جیسے: تُعَلِّمُ ''تو سکھاتا ہے'' سے عَلِّمْ ''سکھایئے'' اور اگر علامت مضارع [ت] کے بعد والا حرف ساکن ہے تو شروع میں ہمزہ وصلی [ا] آئے گا کیونکہ حرف ساکن سے شروع ہونے والے لفظ کو پڑھا نہیں جا سکتا۔ اب سوال یہ ہے کہ ہمزہ پر حرکت کون سی آئے گی؟ اگر حروف اصلیہ میں سے آخری سے پہلا حرف مضموم ہے تو ہمزہ پر ضمہ آئے گا، جیسے: [تَكْتُبُوْنَ] میں حروف اصلیہ [کتب] ہیں اور آخری سے پہلا حرف [ت] ہے اور [ت] پر ضمہ ہے، لہٰذا ہمزہ پر بھی ضمہ ہی آئے گا، یعنی اُكْتُبُوْا اور نون اعرابی بھی گر جائیگا اور اگر آخری سے پہلا حرف مفتوح یا مکسور ہے تو ہمزہ پر کسرہ آئے گا، جیسے: [تَهْدِيْ] فعل مضارع ہے۔ علامت مضارع [ت] اور آخر سے حرف علت ساقط کیا اور آخری سے پہلا حرف [د] ہے جس پر کسرہ ہے، لہٰذا ہمزہ پر کسرہ آئے گا، یعنی: [اِهْدِ] ''تو ہدایت دے'' اور آخری سے پہلے حرف پر فتحہ کی مثال یہ فرمان باری ہے: ﴿ رَبَّنَا افْتَحْ ﴾ ''اے ہمارے رب! فیصلہ فرما'' اس میں [اِفْتَحْ] کو علیحدہ پڑھیں تو ہمزہ پڑھنے میں آئے گا۔

نوٹ: فعل امر اگر باب [إِفْعَال] سے ہو تو اس کا ہمزہ کلام کے اندر بھی ہمزہ پڑھا جائے گا۔ فعل امر اگر باب إِفْعَال سے نہیں تو اس کا ہمزہ وسطِ کلام میں حذف ہو جائے گا، جیسے: ﴿ فَقُلْنَا اضْرِبْ ﴾ ''تو ہم نے کہا: تو مار (اپنی لاٹھی۔'') یہاں اِضْرِبْ کا ہمزہ اس لیے نہیں پڑھا گیا کیونکہ یہ باب إفعال سے نہیں ہے اور ﴿ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ ﴾ ''اور اپنے منہ سیدھے (قبلہ رخ) کر لو۔'' میں چونکہ ''أَقِيْمُوْا'' باب إفعال سے ہے اس لیے اس کا ہمزہ عبارت کے اندر بھی پڑھنے میں آ رہا ہے۔

اور امر غائب و متکلم کی پہچان یہ ہے کہ مضارع کے باقی آٹھ صیغوں کے شروع میں [لِ] یعنی لام مکسور ہوگا اور امر مخاطب کی طرح آخری حرف ساکن ہوگا، نون اعرابی یا حرفِ علت ہو تو وہ بھی ساقط ہو جائے گا۔

اور اسی طرح: ﴿ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖ ﴾ ''لہٰذا چاہیے کہ جو لوگ اس (رسول ﷺ) کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں اس بات سے ڈریں۔'' یہاں [لِيَحْذَرْ] فعل امر غائب ہے جس پر [ف] آئی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ لام امر اپنے سے پہلے کسی لفظ سے مل کر آئے تو لام امر ساکن پڑھا جائے گا۔

اور دوسری بات یہ سامنے آئی کہ جن افعال کا آخری حرف ساکن ہو اور ان کے آخر میں واوِ لین جمع یا میم جمع ہو یا کوئی اور حرف ساکن ہو۔ ان کو اگر آگے ملانا ہو تو واوِ لین جمع اور میم جمع کو ضمہ دے کر پڑھا جاتا ہے۔ ان کے علاوہ حروف کو کسرہ دے کر ملایا جاتا ہے، جیسے یہاں اسی صیغے کے آخر میں [ر] پر کسرہ ہے۔

نہی کی پہچان: فعل مضارع کے شروع میں لائے نہی [لَا] لگانے سے فعل نہی بن جاتا ہے، جیسے: ﴿ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ﴾ ''تو تمھیں دنیا کی زندگی دھوکے میں نہ ڈال دے،'' اس [لَا] کی وجہ سے مضارع کا آخری حرف ساکن ہو جاتا ہے اور اگر آخر میں حرفِ علت یا نون اعرابی ہو تو وہ حرفِ علت اور نون اعرابی بھی گر جاتے ہیں، جیسے: ﴿ فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ ﴾ ''ان (والدین) سے ''اف'' تک نہ کہہ۔'' یہاں آخری حرف ساکن ہے۔ اسی طرح: ﴿ وَلَا تَقُوْلُوْا ﴾ ''اور نہ تم کہو۔'' یہاں پر نون اعرابی گرا دیا گیا ہے اور اسی طرح: ﴿ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا ﴾ ''اور تو دنیا میں بھی اپنا حصہ مت بھول۔'' یہاں حرف علت گرا دیا گیا ہے کیونکہ اصل میں [تَنْسَیٰ] تھا۔

حرف (Particle)

حروف کی کئی اقسام ہیں مگر اس جگہ صرف حروف عاطفہ کا ذکر کیا جاتا ہے جبکہ حروف جارّہ کی بحث آگے آ رہی ہے۔

حروف عطف (Conjunctions): یہ حروف وہ ہیں جن کے ذریعے سے ایک کلمے یا جملے کے حکم اور اعراب میں دوسرے کلمے یا جملے کو شامل کر لیا جائے، مثلاً: ﴿ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ﴾ ''ہم نے (یوسف) کو حکمت اور علم دیا۔'' اس آیت میں [و] ''اور'' کے ذریعے سے [عِلْمًا] کو [حُكْمًا] کے اعراب اور حکم میں شامل کیا گیا ہے، یعنی جس طرح انھیں حکم عطا کیا گیا اسی طرح علم بھی عطا کیا گیا۔ جن دو کلمات یا جملوں کے مابین حرف عطف آئے ان میں سے پہلا معطوف علیہ اور دوسرا معطوف کہلاتا ہے۔

حروف	معانی	مثال
وَ	اور/ جبکہ/ حالانکہ	﴿ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ ﴾ ''پس ہم نے اس (نوح) کو اور سفینے والوں کو نجات دی۔'' یہاں [وَ] ''اور'' حرف عطف ہے۔
فَ	بعد ازاں/ پھر/ پس/ چنانچہ/ تو (برائے ترتیب)	﴿ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ ﴾ ''اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو۔'' یہاں [فَ] ''تو'' حرف عطف ہے۔
ثُمَّ	پھر/ تب/ اس کے بعد (برائے ترتیب لیکن تاخیر کے ساتھ)	﴿ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ○ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴾ ''پھر اس کے لیے راہ آسان کر دی، پھر اسے موت دی اور قبر میں پہنچایا۔'' یہاں [ثُمَّ] ''پھر'' حرف عطف ہے۔
حَتّٰى	یہاں تک کہ/ تک/ تا کہ/ نیز/ بھی/ حتیٰ کہ	﴿ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ ﴾ ''اور تم ان سے لڑو حتیٰ کہ فتنہ (شرک) نہ رہے۔'' یہاں [حَتّٰى] ''حتیٰ کہ'' حرف عطف ہے۔
إِمَّا أَوْ أَمْ	خواہ/ یا (برائے شک/ برائے اختیار) وغیرہ نوٹ: یہ تینوں تقریباً ایک ہی مفہوم کے لیے استعمال ہوتے ہیں	﴿ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ﴾ ''بے شک ہم نے اسے راستے کی ہدایت دی، خواہ شکر گزار بنے یا ناشکرا۔'' یہاں [إِمَّا] ''خواہ'' حرف عطف ہے۔ اسی طرح: ﴿ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ﴾ ''میں (یہاں) دن یا دن کا کچھ حصہ رہا ہوں۔'' میں [أَوْ] ''یا'' حرف عطف ہے۔ ایسے ہی ﴿ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴾ ''(اور میں نہیں جانتا) کہ جس کا تمھیں وعدہ دیا جاتا ہے وہ قریب ہے یا بعید؟'' میں [أَمْ] بمعنی ''یا'' حرف عطف ہے۔
بَلْ	بلکہ (یہ معطوف علیہ سے اعراض کر کے معطوف کے لیے حکم ثابت کرتا ہے)	﴿ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ﴾ ''(مگر کفار کو یقین نہیں) بلکہ وہ شک میں پڑے کھیل رہے ہیں۔'' یہاں [بَلْ] ''بلکہ'' حرف عطف ہے۔
لٰكِنْ	لیکن (پہلے کلام سے جو وہم پیدا ہو اسے دور کرنے کے لیے آتا ہے، اس سے پہلے یا بعد نفی کا ہونا ضروری ہے)	﴿ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ﴾ ''(اے نبی!) بے شک آپ جس سے محبت کریں اسے ہدایت نہیں دے سکتے لیکن اللہ جسے چاہے ہدایت دیتا ہے۔'' اسی طرح: ﴿ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴾ ''اور انھوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ اپنے آپ ہی پر ظلم کرتے تھے۔'' ان دونوں مثالوں میں [لٰكِنْ] حرف عطف ہے اور دونوں میں نفی بھی ہے۔

نوٹ: یہ حروف کبھی صرف جمع یا رابطے کے لیے بھی استعمال ہوتے ہیں۔

اُردو زبان میں بھی حروف عطف مستعمل ہیں، مثلاً: ہَمّام اور حارث پڑھ رہے ہیں۔'' یہاں لفظ ''اور'' کے ذریعے سے ہَمّام اور حارث دونوں کے متعلق یہ خبر دی گئی ہے کہ وہ پڑھ رہے ہیں۔ اسی طرح اُردو میں لیکن، پس، پھر، چونکہ، چنانچہ، اور انگریزی میں but,and وغیرہ کا استعمال ہوتا ہے۔

مرکب اور اس کی اقسام

اگر دو یا دو سے زیادہ کلمے مل کر آئیں تو انھیں مرکب کہتے ہیں، اس کی دو قسمیں ہیں:

❁ مرکب مفید ❁ مرکب غیر مفید

مرکب مفید: جب کہنے والا بات کہہ چکے اور سننے والے کو اس بات سے کوئی خبر یا مطالبہ معلوم ہو تو اسے مرکب مفید کہتے ہیں، جیسے: ﴿ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ ﴾ ''یہ (وہ) کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں۔'' میں سننے والے کو خبر معلوم ہوئی اور ﴿ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ﴾ ''اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو (اس کے) رسول کی۔'' سے سننے والے کو مطالبہ معلوم ہوا ہے۔ مرکب مفید ہی کو جملہ یا کلام کہتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں:

❁ جملہ خبریہ ❁ جملہ انشائیہ

جملہ خبریہ کی دو قسمیں ہیں:

❁ اسمیہ ❁ فعلیہ

جملہ اسمیہ: وہ جملہ جس کا پہلا رکن اسم ہو، جملہ اسمیہ کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ اَللّٰهُ عَلِيْمٌ ﴾ ''اللہ خوب جاننے والا ہے۔''

لفظ [اَللّٰهُ] مبتدا، اور لفظ [عَلِيْمٌ] ''خوب جاننے والا ہے'' خبر ہے۔

نوٹ: ❁ مبتدا ہمیشہ معرفہ ہوتا ہے، خواہ [ال] کے ذریعے ہو یا معرفہ کی کوئی اور قسم، مثلاً: اسم ضمیر، اسم اشارہ یا اسم موصول وغیرہ۔

❁ دونوں اسموں کے آخر پر پیش ہوگی، جیسے:

اَللّٰهُ عَلِيْمٌ	اللہ خوب جاننے والا ہے
اَللّٰهُ أَحَدٌ	اللہ ایک ہے
اَلرَّسُوْلُ صَادِقٌ	رسول سچا ہے
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ	محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں

❁ مبتدا اگر واحد ہو تو خبر بھی واحد ہوگی۔ اگر مبتدا تثنیہ یا جمع ہو تو خبر بھی تثنیہ یا جمع ہوگی۔ اسی طرح اگر مبتدا مؤنث یا مذکر ہو تو خبر بھی اس کے مطابق ہوگی، جیسے:

اَلرَّسُوْلُ صَادِقٌ	رسول سچا ہے	اَلْمَرْأَةُ صَادِقَةٌ	عورت سچی ہے
اَلرَّسُوْلَانِ صَادِقَانِ	دو رسول سچے ہیں	اَلْمَرْأَتَانِ صَادِقَتَانِ	دو عورتیں سچی ہیں
اَلرُّسُلُ صَادِقُوْنَ	سب رسول سچے ہیں	اَلنِّسَاءُ صَادِقَاتٌ	تمام عورتیں سچی ہیں

جملہ فعلیہ: وہ جملہ جس کا پہلا رکن فعل ہو، اسے جملہ فعلیہ کہتے ہیں، مثلاً: ﴿اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ﴾ ''قیامت قریب آ گئی اور چاند پھٹ گیا۔'' یہاں [اِقْتَرَبَتْ] ''قریب آ گئی'' فعل ہے، لہٰذا یہ جملہ فعلیہ ہے۔

مرکب غیر مفید: جب بات کہنے والا بات کہہ چکے اور سننے والے کو اس بات سے کوئی خبر یا مطالبہ معلوم نہ ہو، ایسے مرکب کو مرکب غیر مفید کہتے ہیں۔ اس کی چار قسمیں ہیں:

❁ مرکب اضافی ❁ مرکب توصیفی ❁ مرکب اشاری ❁ مرکب جارّی

◎ مرکب اضافی: ایسا مرکب جس میں ایک اسم کا دوسرے اسم یا جملے سے تعلق بیان کیا جائے، مرکب اضافی کہلاتا ہے۔ مرکب اضافی میں پہلا جز مضاف اور دوسرا جز مضاف الیہ ہوتا ہے، جیسے: [كِتَابُ اللّٰهِ] ''اللہ کی کتاب'' یہاں [كِتَابُ] مضاف اور لفظ [اَللّٰه] مضاف الیہ ہے۔ اسی طرح ﴿يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ﴾ ''اس دن سچوں کو ان کی سچائی نفع دے گی۔'' اس مثال میں مضاف الیہ مکمل جملہ ہے اور [يَوْمُ] مضاف ہے۔

عربی میں مضاف پہلے آتا ہے اور مضاف الیہ بعد میں، جبکہ اُردو میں مضاف الیہ پہلے اور مضاف بعد میں آتا ہے۔ مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔

مثالیں

ذِكْرُ اللّٰهِ (اللہ کا ذکر) اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ (قرآن کی آیات) قَوْمُ نُوْحٍ (نوح کی قوم) عَذَابُ اللّٰهِ (اللہ کا عذاب) عَالِمُ الْغَيْبِ (غیب کا عالم)

✳ اگر مضاف تثنیہ یا جمع ہو تو اس کا نون گرا دیا جاتا ہے، جیسے:

غُلَامَانِ + سَلِيْمٌ	سے	غُلَامَا سَلِيْمٍ	سلیم کے دو غلام
مُسْلِمُوْنَ + بَاكِسْتَانُ	سے	مُسْلِمُوْ بَاكِسْتَانَ	پاکستان کے مسلمان

◎ مرکب توصیفی: وہ مرکب جس میں ایک اسم یا جملہ دوسرے اسم کی خوبی یا برائی یا کوئی اور وصف بیان کرے، مرکب توصیفی کہلاتا ہے۔ جس اسم کا وصف بیان کیا جائے اسے موصوف اور دوسرے کو صفت کہتے ہیں۔ اُردو میں صفت پہلے آتی ہے اور موصوف بعد میں جبکہ عربی میں موصوف پہلے آتا ہے اور صفت بعد میں۔

مثالیں

عربی	اردو	عربی	اردو
مُؤْمِنٌ صَالِحٌ	صالح مومن	أَمِيرٌ ظَالِمٌ	ظالم امیر
إِنْسَانٌ كَافِرٌ	کافر انسان	عَمَلٌ صَالِحٌ	صالح عمل

* عربی زبان میں موصوف اور صفت کے آخر کی حرکتیں ہمیشہ ایک طرح کی ہوتی ہیں۔
* معرفہ ونکرہ ہونے میں موصوف اور صفت ایک دوسرے کے مطابق ہوتے ہیں، جیسے:

اَلرَّسُوْلُ الْكَرِيْمُ ، رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ	معزز رسول
عَذَابٌ أَلِيْمٌ ، اَلْعَذَابُ الْأَلِيْمُ	دردناک عذاب

* تذکیر وتانیث میں بھی موصوف اور صفت دونوں ایک دوسرے کے مطابق ہوں گے، جیسے:

رَجُلٌ صَالِحٌ	نیک مرد	اِمْرَأَةٌ صَالِحَةٌ	نیک عورت
مُسْلِمٌ عَاقِلٌ	عقل مند مسلمان مرد	مُسْلِمَةٌ عَاقِلَةٌ	عقل مند مسلمان عورت
يَوْمٌ عَظِيْمٌ	بڑا دن	لَيْلَةٌ عَظِيْمَةٌ	بڑی رات

* واحد، تثنیہ اور جمع میں بھی موصوف اور صفت دونوں ایک دوسرے کے مطابق ہوں گے، جیسے:

رَجُلٌ صَادِقٌ	رَجُلَانِ صَادِقَانِ	رِجَالٌ صَادِقُوْنَ
اِمْرَأَةٌ صَادِقَةٌ	اِمْرَأَتَانِ صَادِقَتَانِ	نِسَاءٌ صَادِقَاتٌ

* اعراب، یعنی رفع، نصب اور جر میں بھی موصوف اور صفت دونوں ایک دوسرے کے مطابق ہوں گے، جیسے:

هٰذَا رَجُلٌ صَادِقٌ	یہ سچا آدمی ہے
أُحِبُّ رَجُلًا صَادِقًا	میں سچے آدمی سے محبت کرتا ہوں
قَرَأْتُ مِنْ كِتَابٍ جَدِيْدٍ	میں نے نئی کتاب سے پڑھا

○ مرکب اشاری: ایسا مرکب جس میں کسی ذات کی طرف اشارہ کیا گیا ہو، مرکب اشاری کہلاتا ہے۔ اور جس اسم سے اشارہ کیا جائے اسے اسم اشارہ اور جس ذات کی طرف اشارہ کیا گیا ہو اسے مشار الیہ کہتے ہیں، جیسے: ﴿ذٰلِكَ الْكِتٰبُ﴾ ''وہ کتاب'' یہاں ذٰلِكَ اسم اشارہ اور اَلْكِتَابُ مشار الیہ ہے۔ قریب یا بعید کے اعتبار سے اسم اشارہ کی دو اقسام ہیں:

❁ اسم اشارہ قریب ❁ اسم اشارہ بعید

اسمائے اشارہ

◎ اسمائے اشارہ قریب:

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	هٰذَا یہ ایک مذکر	هٰذَانِ / هٰذَيْنِ یہ دو مذکر	هٰؤُلَاءِ یہ سب مذکر
مؤنث	هٰذِهِ یہ ایک مؤنث	هَاتَانِ / هَاتَيْنِ یہ دو مؤنث	یا یہ سب مؤنث

◎ اسمائے اشارہ بعید:

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	ذٰلِكَ وہ ایک مذکر	ذَانِكَ / ذَيْنِكَ وہ دو مذکر	أُولٰئِكَ وہ سب مذکر
مؤنث	تِلْكَ وہ ایک مؤنث	تَانِكَ / تَيْنِكَ وہ دو مؤنث	یا وہ سب مؤنث

اشارہ جب جگہ کی طرف ہو تو اس کے لیے یہ الفاظ مستعمل ہیں:

هُنَا یا هٰهُنَا (یہاں)، هُنَالِكَ یا هُنَاكَ (وہاں)

اسم اشارہ قریب کی مثالیں

هٰذَا رَجُلٌ	یہ ایک مرد ہے	هٰذِهِ امْرَأَةٌ	یہ ایک عورت ہے
هٰذَانِ رَجُلَانِ	یہ دو مرد ہیں	هَاتَانِ امْرَأَتَانِ	یہ دو عورتیں ہیں
هٰؤُلَاءِ رِجَالٌ	یہ سب مرد ہیں	هٰؤُلَاءِ نِسَاءٌ / نِسْوَةٌ	یہ سب عورتیں ہیں

◎ مرکب جارّی: ایسا مرکب جو حرف جار اور اسم مجرور پر مشتمل ہو، مرکب جارّی کہلاتا ہے۔ حروف جارّہ جن اسماء کے شروع میں آئیں انھیں مجرور کہتے ہیں، جیسے: ﴿بِسْمِ اللهِ﴾ میں [اِسْمِ] حرف جارّ [ب] کی وجہ سے مجرور ہے اور اسی لیے اس کے آخر میں زیر ہے۔

حروفِ جارّہ (Prepositions): حروفِ جارّہ درج ذیل ہیں:

- بِ (ساتھ/ سے With)، جیسے: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ﴾ ''اللہ کے نام کے ساتھ''
- تَ (قسم کے لیے)، جیسے: ﴿وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ﴾ ''اور اللہ کی قسم! میں ضرور تمھارے بتوں کے خلاف تدبیر کروں گا۔''
- وَ (قسم کے لیے)، جیسے: ﴿وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ﴾ ''قسم ہے قرآنِ مجید کی!''
- لِ (کے لیے/ واسطے/ for)، جیسے: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ﴾ ''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔''
- كَ (مانند/ کی طرح/ as)، جیسے: ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ﴾ ''اس کی مانند کوئی چیز نہیں۔''
- فِيْ (میں/ in)، جیسے: ﴿وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ﴾ ''اور تمھارے لیے (قتل) کا بدلہ لینے میں زندگی ہے۔''
- عَنْ (کے متعلق، کے بارے میں/ about / کی طرف سے/ from)، جیسے: ﴿عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ﴾ ''اس عظیم خبر کے بارے میں۔''
- عَلٰى (پر/ on)، جیسے: ﴿اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى﴾ ''وہی لوگ ہدایت پر ہیں۔''
- حَتّٰى (تک/ یہاں تک کہ/ till / untill)، جیسے: ﴿حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ﴾ ''طلوع فجر تک۔''
- مِنْ (سے/ form)، جیسے: ﴿مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ ''مسجدِ حرام سے۔''
- اِلٰى (تک/ کی طرف/ to)، جیسے: ﴿تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ﴾ ''اللہ کی طرف رجوع کرو۔''

نوٹ: مرکب غیر مفید کی ان کے علاوہ بھی کئی قسمیں ہیں۔

کچھ ترجمۂ قرآن کے بارے میں!

راقم نے جب قرآن مجید کے تفسیری حواشی تحریر کیے، جو ''تفسیر احسن البیان'' کے نام سے شائع ہوئے، تو اس وقت ''دارالسلام'' الریاض کے رفقاء نے ترجمے کے لیے مولانا محمد جونا گڑھی رحمہ اللہ کا وہ ترجمہ منتخب کیا جو تفسیر ابن کثیر کے اُردو ترجمے کے ساتھ چھپا ہوا ہے، تاہم اس میں بہت سے مقامات پر اصلاحِ زبان و بیان کر لی گئی تھی۔

اللہ تعالیٰ نے ''تفسیر احسن البیان'' کو قبولِ عام سے نوازا، اور ہر حلقے میں اسے پسند کیا گیا، حتی کہ علماء نے بھی اس کی تحسین اور راقم کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ لیکن اکثر علماء نے اس کے ساتھ ساتھ اس بات کا اظہار ہی نہیں، بلکہ اصرار کیا کہ ان تفسیری حواشی کے ساتھ ترجمہ بھی نیا لگایا جائے۔ موجود ترجمہ گو زبان و بیان کے اعتبار سے زیادہ پرانا نہیں ہے، لیکن بعض مقامات پر ضرورت سے زیادہ بامحاورہ ہونے کی وجہ سے اس میں قرآنی متن سے بہت بعد نظر آتا ہے۔ یہی بات دینی مدارس میں زیرِ تعلیم بعض طلبہ و طالبات کی طرف سے بھی ہم تک پہنچی اور انھوں نے یہ بھی کہا کہ ترجمے کے لیے ہمیں دوسرا قرآن دیکھنا پڑتا ہے۔

علماء اور طلباء، دونوں کی یہ باتیں ایک تو حقیقت کے قریب تھیں۔ دوسرے، ان میں قرآن فہمی کے جذبے کی کارفرمائی تھی۔ اس لیے راقم نے ''دارالسلام'' لاہور کے منتظم اعلیٰ عزیز گرامی حافظ عبدالعظیم اسد سَلَّمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَبَارَكَ فِيْ عُمُرِهٖ وَجُهُوْدِهٖ سے اس کا تذکرہ اور مذکورہ حضرات کی خواہش کو عملی جامہ پہنانے کی بابت مشورہ کیا، تو انھوں نے بھی اس کی تائید کی اور کہا کہ اس سے ادارے کی ایک بہت بڑی ضرورت بھی پوری ہو جائے گی، اور یوں انھوں نے بھی اس پر اپنی آمادگی اور تعاون کا نہ صرف اظہار کر دیا بلکہ محبّ و مشفق گرامی جناب عبدالمالک مجاہد حفظہ اللہ سے بھی اس کی منظوری لے لی۔ اس طرح ان دونوں حضرات کے مخلصانہ جذبہ و تعاون اور حوصلہ افزائی سے، اس راہ کا پہلا سنگ گراں، الحمدللہ دور ہو گیا اور ایک نیا ترجمہ کرنے کا عزم کر لیا گیا۔

آغازِ کار میں باہمی مشاورت سے یہی طے پایا کہ لفظی ترجمہ کیا جائے، کیونکہ ترجمے کی ضرورت ہی اس لیے محسوس کی گئی کہ پہلے تفسیر کے ساتھ جو ترجمہ لگا ہوا ہے وہ لفظی نہیں ہے۔ علاوہ ازیں راقم کے خیال میں بھی قرآن فہمی کے لیے لفظی ترجمہ ہی عوام کے لیے مناسب رہتا ہے۔ بامحاورہ ترجمے سے جو کلامِ الٰہی کی ترجمانی ہوتی ہے، زیادہ سلیس و رواں ہونے کی وجہ سے قرآن کا مفہوم تو بآسانی سمجھ میں آجاتا ہے، لیکن اس رواں دواں ترجمے کو بار بار پڑھنے کے باوجود، پڑھنے والے کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ قرآن کے فلاں لفظ کا ترجمہ کیا ہے اور فلاں کا کیا۔ یوں عمر بھر قرآن خوانی اور ترجمہ خوانی کے باوجود، وہ براہِ راست (ترجمے کے بغیر) قرآن خوانی کے لطف اور اس کے فہم سے اور اس کے اعجاز اور سحر بیانی سے محروم رہتا ہے اور یہ ظاہر بات ہے کہ براہِ راست کلامِ الٰہی انسان کے قلب و دماغ پر جو اثر ڈال سکتا اور جو انقلاب و تغیر پیدا کر سکتا ہے، کوئی انسانی کلام اسے اس طرح متاثر نہیں کر سکتا اور نہ ہی تغیر و انقلاب کی راہ اس طرح ہموار کر سکتا ہے۔ اس لیے قرآن کو ترجمہ و تفسیر کے ساتھ پڑھنے کا مطلب یہ ہونا چاہیے کہ چند مرتبہ ایسا کرنے سے قاری کے اندر یہ استعداد پیدا ہو جائے کہ پھر وہ ترجمے کے بغیر بھی قرآن کو سمجھ سکے، تاکہ قرآن کا اعجاز اسے براہِ راست متاثر کر سکے اور یہ چیز اگر انسان کوشش کرے، تو لفظی ترجمے سے تو حاصل ہو سکتی ہے، کسی بامحاورہ اور سلیس و رواں ترجمے سے حاصل نہیں ہو سکتی۔

علاوہ ازیں رواں دواں اور شگفتہ ترجمہ، چونکہ عام فہم ہوتا ہے، اس لیے قاری سرسری سے انداز میں ترجمہ پڑھ جاتا ہے، اسے زیادہ غور وفکر کرنے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی۔ جبکہ لفظی ترجمے میں زیادہ سلاست وشگفتگی ہوتی ہے نہ ہوہی سکتی ہے کیونکہ لفظوں کی پابندی شگفتگی کی راہ میں رکاوٹ ہوتی ہے، اس لیے قاری کو ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ وہ ترجمے پر غور کرے اور اسے توجہ سے سمجھنے کی کوشش کرے۔ لفظی ترجمے میں یہ تعقید اور عدمِ سلاست (یعنی اس کا عام فہم نہ ہونا) ہی قرآن فہمی کی کلید ہے۔

راقم کو اگرچہ اوّل روز ہی سے یہ احساس تھا کہ قرآن مجید کا ترجمہ کرنا کوئی آسان کام نہیں، بلکہ نہایت مشکل کام ہے۔ تاہم جب اس کا آغاز کیا گیا تو اس کی مشکلات اور کٹھنائیاں مزید واضح ہو کر سامنے آگئیں، اور عملی تجربے سے یہ بات بھی سامنے آئی کہ بامحاورہ ترجمہ، لفظی ترجمے کی نسبت زیادہ آسان ہے۔ لفظی ترجمہ دنیا کا مشکل ترین کام ہے۔ بامحاورہ ترجمے میں الفاظ کو آگے پیچھے کرنے کی گنجائش ہوتی ہے اور ترجمے میں الفاظ کے اضافے کی بھی۔ جب کہ لفظی ترجمے میں یہ دونوں سہولتیں نہیں ہوتیں۔ اس میں کوشش یہ ہوتی ہے کہ عربی لفظ کے نیچے اس کا ترجمہ آئے، اس لیے اس میں اختصار و جامعیت کا بھی اہتمام کرنا پڑتا ہے اور تفصیل واضافے سے بچنے کا التزام بھی۔ ان دونوں باتوں کو ملحوظ رکھنا اس کام کو مشکل سے مشکل تر بنا دیتا ہے، اس پر مستزاد یہ بات کہ قرآن کریم کے لفظ لفظ کا ایسا ترجمہ، جو اس کے مفہوم، زورِ بیان اور اعجاز کو مکمل طور پر اپنے اندر سمیٹ لے، ناممکن ہے۔ الفاظ کے دروبست اور زبان وبیان کی تمام تعبیرات کلامِ الٰہی کی تاثیر اور اس کی معنویت کو کسی بھی زبان میں منتقل کرنے سے قاصر ہیں۔

بہر حال اللہ کے بھروسے پر ترجمے کا آغاز کر دیا گیا، یہ جانتے ہوئے بھی کہ اس کے لیے جو اہلیت وصلاحیت درکار ہے، اس سے راقم محروم ہے، لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ بے پایاں کرم واحسان اور خصوصی فضل وانعام دیکھتے ہوئے کہ اس سے قبل اس نے مجھ جیسے بے مایہ اور علم وعمل سے تہی دامن شخص کو تفسیری حواشی لکھنے کی توفیق سے نواز دیا تھا، کچھ حوصلہ ہوا اور یہ امید ہوئی کہ وہ ترجمے میں بھی ضرور دست گیری ومعاونت فرمائے گا۔

اللہ کی مدد کے حصول کے لیے راقم نے خصوصی دعا کے ساتھ یہ التزام بھی کیا کہ روزانہ صلاۃ الإشراق کے علاوہ دوگانہ پڑھ کر رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَيْرِ وَبِكَ نَسْتَعِيْنُ يَافَتَّاحُ کے ورد کے ساتھ کام کا آغاز کرتا رہا۔ یہی التزام تفسیری حواشی لکھنے کے دوران میں بھی راقم نے کیا تھا۔ احباب اور بزرگوں سے بھی دعاؤں کی خصوصی درخواستیں کیں اور انھوں نے بھی اس کام کی تکمیل کے لیے خصوصی دعائیں کیں، حتی کہ کئی دوستوں نے حرمِ مکہ میں بھی دعائیں کیں۔ اللہ تعالیٰ ان تمام دوستوں اور بزرگوں کو اَجرِ جزیل سے نوازے جنھوں نے اس کام کے لیے دعائیں کیں اور ان کو بھی اس کام کے اجر وثواب میں شریک فرمالے۔ ﴿إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ﴾

قبولیتِ دعا کا ایک بڑا مظہر یہ سامنے آیا کہ راقم نے ترجمے کی مشکلات اور وقت کی تنگیٔ داماں کے پیش نظر عزیز گرامی حافظ عبدالعظیم اسد حفظہ اللہ سے استدعا کی کہ وہ رکنِ ادارہ مولانا محمد عبدالجبار، فاضل دارالحدیث محمدیہ جلالپور پیروالا (ملتان) کو ایک معاون کے طور پر مجھے دے دیں، تاکہ ایک فاضل ساتھی کی معاونت ورہنمائی بھی مجھے حاصل ہو جائے اور اس کام کی تکمیل بھی جلد از جلد کی جا سکے۔ عزیز گرامی سلمہ اللہ تعالیٰ نے راقم کی استدعا سے موافقت فرمائی اور مولانا موصوف حفظہ اللہ کو ادارے کے دوسرے کاموں سے فارغ کر کے میرے حوالے کر دیا۔ مولانا موصوف اردو ادب کا بھی اچھا ذوق رکھتے ہیں اور عربی علوم پر بھی خوب دسترس۔ اور یہ دونوں ہی

چیزیں ترجمے کے لیے ناگزیر ہیں، بنابریں ان کا انتخاب، حسن انتخاب، ہی کا مصداق ثابت ہوا۔ فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

مولانا موصوف ﷾ نے اس ترجمۂ قرآن میں بھرپور تعاون فرمایا۔ وہ راقم سے رہنمائی لیتے رہے اور راقم ان سے رہنمائی لیتا رہا۔ یہ اتنی مشکل گھاٹی تھی کہ اسے عبور کرتے ہوئے بارہا ہم دونوں کے اعصاب جواب دے جاتے رہے، تاہم ہانپتے کانپتے، بلکہ گرتے پڑتے اور بار بار کمر ہمت کستے اور دعائیں کرتے ہوئے اس سفر پُر صعوبت کو جاری رکھا۔ بالآخر اللہ تعالیٰ کی توفیق اور اس کے فضل وکرم سے یہ نہایت دشوار گزار گھاٹی عبور کرنے اور یہ سر بفلک چوٹی سر کرنے میں ہم اپنے خیال کے مطابق کامیاب ہوگئے۔ فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

بہر حال ہم نے اس ترجمے کو اپنی ممکن حد تک بہتر سے بہتر بنانے کی زیادہ سے زیادہ کوشش کی ہے، لیکن اس کے باوجود ہم یہ دعویٰ نہیں کر سکتے کہ یہ ترجمہ دیگر تراجم سے بہت زیادہ بہتر ہے، اس لیے کہ ترجمے میں بہتر سے بہتر اسلوب اختیار کرنے کے باوجود مزید بہتری کی گنجائش موجود رہتی ہے۔ علاوہ ازیں تمام تر کوشش کے باوجود، انسان کلامِ الٰہی کو دوسری زبان میں، اس کے حسن، جامعیت اور اعجاز سمیت مکمل طور پر منتقل کرنے سے قاصر ہے، جیسا کہ ہم نے پہلے بھی صراحت کی ہے اور ہمیں اپنے عجز کا پورا اعتراف ہے، اس لیے ہم کوئی دعویٰ نہیں کرتے، صرف اس بات کا اظہار کرتے ہیں کہ ہم نے ترجمے کو لفظوں کے قریب رہتے ہوئے، جتنا عام فہم بنا سکتے تھے، اس کی پوری کوشش کی ہے تاکہ قرآن فہمی کے لیے یہ ترجمہ زیادہ سے زیادہ مفید ثابت ہو سکے۔

اس میں اصل کامیابی اور معیار کا تناسب کتنا اور کیسا ہے۔ اس کا فیصلہ اب قارئین کرام اور علمائے عظام ہی کو کرنا ہے۔ ہم نے اپنی حد تک صحیح سے صحیح تر بات کے اختیار کرنے میں اور مناسب سے مناسب تر الفاظ واسلوب کے اپنانے میں پوری سعی وکاوش کی ہے۔ ہر مشکل مقام کو، جو قدم قدم پر عناں گیر ہوتے رہے، ہم نے جدید وقدیم تفاسیر وتراجم کی روشنی میں دیکھا، ایک ایک لفظ پر گھنٹوں صرف کیے اور تفاسیر وتراجم کے علاوہ لغات وشروحاتِ حدیث کی کتابیں بھی کھنگالیں اور اکثر پھر باہم مشورے سے، اللہ تعالیٰ جو کچھ سجھاتا، اسے تحریر کرتے رہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس کام میں مولانا موصوف کی معاونت، رہنمائی اور محنت نہ ہوتی، تو یہ کام اتنی جلدی بھی نہ ہوتا اور شاید اتنا باوثوق اور معیاری بھی نہ ہوتا، جتنا ہمارے خیال میں یہ اس وقت ہے۔ اس اعتبار سے اس ترجمۃ القرآن میں مولانا موصوف، راقم کے ساتھ برابر کے شریک ہیں اور راقم ان کا شکر گزار ہے کہ انھوں نے رفاقت، معاونت اور رہنمائی کا پورا حق ادا کیا ہے۔ جَزَاهُ اللّٰهُ أَحْسَنَ الْجَزَآءِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ.

ہر مترجم اپنے ترجمے کی بابت یہ وضاحت ضرور کرتا ہے کہ اس میں فلاں فلاں خوبیاں ہیں۔ اس ترجمے کی بابت بھی اہل علم کے ذہن میں یہ سوال آئے گا کہ اس ترجمے کی کیا امتیازی خصوصیات اور خوبیاں ہیں۔ تو واقعہ یہ ہے کہ آج سے تقریباً 5 سال قبل (2000ء میں) جب یہ ترجمہ کیا گیا تھا، اس وقت اسے تفسیر ''احسن البیان'' کے ساتھ لگانا مقصود تھا۔ اسی لیے اس ترجمے کے ساتھ ساتھ ''احسن البیان'' پر بھی حسب ضرورت نظر ثانی اور ترمیم واضافہ کیا تھا۔ یوں تفسیر مذکور کا بھی ایک نیا ایڈیشن تیار ہوگیا، جو حسبِ مشیت الٰہی کبھی نہ کبھی شائع ہوگا، فی الحال اضافہ شدہ ایڈیشن کی اشاعت بعض اسباب کی بنا پر رکی ہوئی ہے۔ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ.

اُس وقت ٹھیٹھ لفظی ترجمہ کیا گیا تھا، یعنی سوائے ان مقامات کے جہاں تحت اللفظ ترجمہ ممکن نہیں تھا، ہر لفظ کا ترجمہ اس کے نیچے

ہی کیا گیا تھا، حتی کہ اس کی خاطر اردو کے معروف اسلوب کو بھی نظر انداز کر دیا گیا تھا، لیکن اس کی اشاعت کی نوبت ہی نہیں آئی۔ جن احباب کے علم میں یہ کام تھا، ان کی طرف سے اس کی اشاعت کا مطالبہ ہوتا رہتا تھا، ان کے اصرار پر ادارے نے یہ پروگرام بنایا کہ فی الحال ترجمہ ہی شائع کر دیا جائے اور اس کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا کہ اسے ڈبیوں والے انداز سے، یعنی بکسوں (خانوں) کے اندر قرآنی متن اور انھی خانوں (بکسوں) میں ان الفاظ کا اردو ترجمہ دے کر، شائع کیا جائے، چنانچہ بکسوں (خانوں) کی رعایت سے فائدہ اٹھا کر ترجمے میں بھی لفظوں سے تھوڑا سا انحراف کر لیا گیا، تاکہ ترجمے میں مزید سلاست و شگفتگی پیدا ہو جائے۔

جیسے مثال کے طور پر ﴿ذَهَبَ اللّٰهُ﴾ کے ترجمے (لے گیا اللہ) کو ''اللہ لے گیا'' سے، ﴿عَلٰى بَعْضٍ﴾ کے ترجمے (اوپر بعض کے) کو ''بعض پر'' سے، ﴿مَعَ نُوْحٍ﴾ کے ترجمے (ساتھ نوح کے) کو ''نوح کے ساتھ'' سے، ﴿اُولٰهُمَا﴾ کے ترجمے (پہلا ان دونوں میں سے) کو ''ان دونوں میں سے پہلا'' سے، ﴿خِلٰلَ الدِّيَارِ﴾ کے ترجمے (درمیان شہروں کے) کو ''شہروں کے درمیان'' سے بدل دیا گیا۔ وَعَلٰى هٰذَا الْقِيَاس ان جیسی دوسری ترکیبیں یا الفاظ ہیں۔

الفاظ میں تقدیم و تاخیر یا انحراف سے مقصود سلاست و شگفتگی ہے جس کا جتنا اہتمام ہو جائے، اس سے ترجمے میں حسن بھی پیدا ہو جاتا ہے اور تفہیم میں آسانی بھی۔ اور یہ انحراف بھی اس لیے کیا گیا ہے کہ متن اور ترجمہ دونوں ایک ہی خانے میں ہونے کی وجہ سے قارئین کو یہ معلوم کرنے میں کوئی دِقت نہیں ہوگی کہ ﴿ذَهَبَ اللّٰهُ﴾ میں ''لے گیا'' کا ترجمہ اور ﴿مَعَ نُوْحٍ﴾ میں (ساتھ) کا ترجمہ، کس لفظ کا ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔ اس تھوڑی سی ترمیم سے یہ لفظی ترجمہ، تقریباً لفظی بھی رہا اور اردو اسلوب کا آئینہ دار بھی ہو گیا۔ اس اعتبار سے ہم اسے لفظی ترجمہ اور سلاست کا ایک حسین امتزاج بھی کہہ سکتے ہیں۔

اور اس ترجمے کا یہی اصل امتیاز ہے، اور اس کی بعض دیگر خصوصیات کا ضمناً پہلے ذکر آچکا ہے۔ نئی اصلاح و ترمیم کا بیشتر کام رکنِ ادارہ مولانا محمد عبد الجبار صاحب نے راقم کی مشاورت سے کیا اور اس کی تصحیح و پروف ریڈنگ میں ادارہ کے دوسرے رفقاء مولانا منیر احمد رسولپوری، مولانا محمد عثمان منیب، مولانا سلیم اللہ زمان، حافظ اقبال صدیق مدنی، قاری عبد الرشید راشد، قاری عبد الوحید خاکی، حافظ علیم الدین وغیرہ شریک رہے۔

ان سب کا شکریہ راقم اپنی طرف سے بھی اور ادارے کی طرف سے بھی ادا کرنا ضروری سمجھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعیِ حسنہ کو قبول فرمائے اور اس کی بہترین جزا سے ان کو دنیا و آخرت میں نوازے۔ جَزَاهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى أَحْسَنَ الْجَزَآءِ۔

راقم آخر میں ایک مرتبہ پھر عظیم القدر عزیز حافظ عبد العظیم اسد ﷾ اور مسلک سلف کے شیدائی و فدائی اور قرآن و حدیث کے عالمی پیمانے پر نشر و اشاعت کے لیے شب و روز متحرک و سرگرم جناب عبد المالک مجاہد ﷾ دونوں کا شکر گزار ہے کہ ان دونوں بھائیوں نے اس کام میں بھرپور تعاون فرمایا۔ واقعہ یہ ہے کہ ان کے مخلصانہ تعاون کے بغیر یہ عظیم منصوبہ پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچ سکتا تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعیِ حسنہ کو قبولیت سے نوازے اور ان کا بہترین صلہ انھیں دنیا و آخرت میں عطا فرمائے اور انھیں اور ہم سب کو اپنے دین کی بیش از بیش خدمت کرنے کی توفیق دے۔ ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد!

حافظ صلاح الدین یوسف

مدیر: شعبہ تحقیق و تالیف دار السلام، لاہور

ربیع الأول 1426ھ - مئی 2005ء

حرفِ اوّل

حضرت آدم علیہ السلام آسمان کی بلندیوں سے فرشِ زمین پر تشریف لائے تو ان کے پاس اپنی ذریت کے لیے ہدایت کا ایک نسخہ بھی تھا، پھر قافلۂ انسانیت کے لیے مختلف زمانوں اور زمینوں میں ہزاروں انبیاء ورسل علیہم السلام مبعوث ہوئے اور ان پاکیزہ صفت انسانوں میں چند وہ بھی تھے جنھیں وحی پر مشتمل کتابیں اور صحیفے عطا کیے گئے۔ بالآخر یہ سلسلۂ وحی غارِ حرا کی وحی: «اِقْرَأْ» کے آغاز سے شروع ہوا اور تکمیلِ دین وشریعت، اتمامِ نعمت اور انتخابِ دین اسلام پر ختم ہوگیا۔ یوں قرآن مجید خاتم الوحی بھی ہے اور قیامت تک انسانوں کی جادۂ توحید اور اطاعتِ رسول کے جملہ لوازم سے باخبر اور آگاہ کرنے والا صحیفہ بھی۔ نبی ﷺ کی بعثت سے قبل مختلف آسمانی مذاہب کے پیروکار اپنی کتابوں کے متن کھو چکے تھے اور ان پر عمل کا کوئی مبسوط اور منضبط نقشۂ کار ان کے پاس موجود نہ تھا۔ ادھر قرآن مجید کی حقانیت وجامعیت تو اپنی جگہ واضح، مگر اس کے متن کا کسی تحریفِ لفظی سے پاک ہونا صحائفِ آسمانی کی تاریخ کا سب سے بڑا اعجاز ہے۔

قرآن مجید نے اپنے برحق ہونے کی خود صداقت فراہم کی ہے۔ اس کے احکام پر مبنی معاشرہ اور ریاست خود عہدِ نبوی میں قائم ہوگئی۔ قرآنی احکام کو ایک مکمل عملی تفسیر میسر آئی۔ نبی ﷺ کی نبوت کے فرائض ثلاثہ بھی یہی تھے کہ انسانیت کے سامنے آیاتِ الٰہی کی تلاوت کی جائے، ان کے ذریعے سے نُفوس انسانی کا تزکیہ کیا جائے اور انھیں نفس اَمّارہ کی ساری کثافتوں اور کدورتوں سے محفوظ کرکے نَفْسِ مُطْمَئِنَّہ کے درجے پر فائز کیا جائے۔ تاریخِ اسلام کے اوراق اس امر کی شہادت فراہم کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی سیرت قرآن کی تفسیر پر مشتمل ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی جماعت نے بھی اس کے معروف ومنکر کو اس درجہ سمجھ لیا کہ پھر اپنی زندگیوں کی کامل شہادت اس کے لیے پیش کردی۔

قرآن مجید اپنے پڑھنے اور ماننے والوں کے سامنے بہت سے مطالبات اور تقاضے پیش کرتا ہے۔ اوّلاً یہ کہ قرآن مجید کو وحیِ حق پر مشتمل اور مُنَزَّلٌ مِنَ اللّٰہ تسلیم کیا جائے۔ اس کے احکام پر شرح صدر کے ساتھ ایمان لایا جائے۔ اس کے متن میں جن صفات المؤمنین کو بیان کیا گیا ہے ان پر صدقِ دل کے ساتھ عمل کیا جائے اور انھی کی روشنی میں اپنی سیرت سازی کی جائے۔ اسی باعث اس کے ادب واحترام کے بہت سے لوازم بیان کیے گئے ہیں۔ آج انسانیت کے پاس یہ واحد صحیفۂ آسمانی ہے جس سے منشائے الٰہی معلوم کیا جاسکتا ہے۔ اسی لیے قرآن مجید کو تجوید وقراءت کی پوری پابندیوں کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔ قرآن مجید نے اپنے مخاطبین کو قرآن فہمی کے مختلف وسائل اختیار کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ قرآنی آیات میں مسلسل غوروفکر اور تدبر وتفحص کے نتیجے میں اس کے حکیمانہ نکات سمجھ میں آتے ہیں۔ یہی نکات انوارِ الٰہیہ ہیں جن کی روشنی میں تعمیرِ کردار اور استحکامِ سیرت کے لوازم میسر آتے ہیں۔ فکر وتدبر کے نتیجے میں حکمت کا جوہر میسر آتا ہے جو قرآن مجید کے مطالعے کا سب سے بڑا حاصل ہے۔ قرآن مجید نے اسی کو خیرِ کثیر قرار دیا ہے۔ یہی خیرِ کثیر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگیوں اور سیرتوں کی سب سے بڑی متاع ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قرآن مجید کی حکمت سے ملنے والی اس متاعِ گراں بہا کو لے کر نکلے تو تہذیب وتمدن کے سارے ایوان جگمگا اُٹھے اور صالح تہذیب وثقافت کی

اقدار و روایات نے روئے ارضی سے ابلیسی قوتوں کا خاتمہ کردیا۔ زمین نورِ توحید سے جگمگا اُٹھی اور انسانی قلوب واذہان کو حقیقی طمانیت نصیب ہوگئی۔ قرآن مجید کا فہم اور تدبر کوئی ہفت خواں نہیں جسے طے کیے بغیر کوئی طالبِ قرآن ان مطالبِ قرآنی کی تہہ تک نہیں پہنچ سکتا۔ قرآن مجید پر جو مختلف نوعیت کے مظالم ہوئے، ان میں ایک ظلم یہ بھی رہا ہے کہ اس کی تعلیمات کا فہم عموم کی بجائے ایک خصوص بنا کر پیش کیا گیا۔ یہ قرآن مجید پر ایک اتہام اور بہتان ہے کہ یہ صرف چند مخصوص لوگوں کی میراث ہے اور وہی اس کے حکیمانہ نکات کو سمجھ سکتے اور بیان کرسکتے ہیں۔ قرآن مجید اس طرزِ استدلال کی نفی کرتا ہے: ﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ۝﴾

''بلاشبہ ہم نے قرآن مجید کو نصیحت کے لیے آسان بنایا ہے تو کوئی ہے جو اس سے نصیحت حاصل کرے؟'' (القمر 17:54)

قرآن کے معانی ومطالب کو اس کی جامعیت کے ساتھ رسول اللہ ﷺ نے بیان کردیا۔ اور آپ کی یہ قرآنی تشریح وتفسیر احادیث میں پورے شرح وبسط کے ساتھ موجود ہے۔ رسولِ کریم ﷺ نے اپنی معلمانہ حکمتِ عملی سے قرآن مجید کی اس بصیرت کو صحابہ کے سامنے بیان کیا، جن کے حلقوں سے تابعین اور مابعد کے طبقات نے سیکھا ہے۔ تفسیر ماثور کی پوری روایت اسی مفہوم کی امانت دار ہے جسے رسول اللہ ﷺ نے پیش کیا ہے۔ یوں جس طرح قرآن مجید کا متن ہر عیب سے پاک ہے، اِسی طرح اس کی تشریح وتفسیر بھی پوری جامعیت کے ساتھ اُمت کے پاس موجود ہے۔

قرآن مجید کے معانی ومطالب کو بیان کرنے اور سکھانے کے لیے ہمیشہ سے اُمت میں اس کے درس وتدریس اور تعلیم وتعلم کے مراکز قائم رہے۔ ناظرۂ قرآن مجید کو تجوید کے ساتھ پڑھنا اور اس کے مطالب کو اسلوبِ رسالت کے ساتھ جاننا ایک ایسا دائرۂ کار رہا ہے جسے اس اُمت کے اکابرین اور مفسرین نے ہمیشہ ایک فرض منصبی کے طور پر پیش کیا ہے۔ گزشتہ چودہ صدیوں میں تعلیمِ قرآنی کے حلقے کئی درجوں میں قائم کیے گئے۔ ایک طرف اس کی تجوید وقراءت کے حلقے اور دوسری طرف اس کے تحفیظ کے مراکز قائم کیے گئے۔ تیسری طرف اس کے احکام اور تفسیری نکات سکھانے کے لیے درس وتدریس کا نظام قائم ہوا۔ چوتھی طرف قرآنی دعوت کو عام کرنے کے لیے اس کے ترجمہ وتفسیر پر توجہ دی گئی۔ یہی باعث ہے کہ آج دنیا کی بیشتر زبانوں میں ترجمہ وتفسیرِ قرآن کا ایک عظیم الشان ذخیرہ اپنی تمام تر علمی تابناکیوں کے ساتھ موجود ہے۔

ہمارے علم وتحقیق کے مطابق قرآن مجید کا پہلا جزوی ترجمہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے سورۂ فاتحہ کے فارسی میں ترجمے سے کیا اور پھر ہر عہد میں اس کے تراجم ہوتے چلے گئے۔ ابتدائی صدیوں میں اسلامی علوم کی زبان عربی رہی تو لوگ کثرت سے عربی زبان کے ذریعے ہی سے قرآن مجید کو سمجھتے رہے۔ قرآن مجید کی ابتدائی تفاسیر کا سرمایہ بھی عربی زبان میں ملتا ہے۔ علمی انحطاط اور دعوتی ضرورتوں کے پیشِ نظر پھر دوسری زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم وتفسیر کی روایت قائم ہوئی۔ یوں آج دنیا کی 103 زبانوں میں قرآن مجید کے مکمل تراجم نثر ونظم کی شکل میں موجود ہیں۔ اسی طرح بعض دوسری زبانوں میں اِس کے مختلف اجزاء کا ترجمہ کیا گیا ہے۔

برصغیر میں قرآنی تراجم کا آغاز شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے فارسی ترجمے سے ہوا جس سے تحریک کی سی صورت پیدا ہوئی۔ یہ 1739ء کا واقعہ ہے۔ اسی ترجمے کی روایت نے اردو ترجمے کی بنیاد ڈالی۔ آپ کے نامور فرزندان میں سے شاہ رفیع الدین رحمہ اللہ اور شاہ

عبدالقادر ؒ نے 1805ء کے قریب قریب قرآن مجید کے اردو تراجم پیش کیے جو اپنے روزمرہ اور محاورہ کے اعتبار سے آج بھی دوسرے تراجم کے لیے ایک معیار اور سند کا درجہ رکھتے ہیں۔ یہ عجیب بات ہے کہ قرآن مجید کا ترجمہ پہلے شاہ رفیع الدین ؒ نے کیا مگر شاہ عبدالقادر ؒ کا ترجمہ اس سے پہلے شائع ہوا اور اس کے اثرات زبان کے لحاظ سے زیادہ مفید اور واضح ہیں۔ آج جب کہ ہم 2005ء میں دارالسلام کے ایک معیاری ترجمۂ قرآن کے تعارف میں یہ سطور قلم بند کر رہے ہیں گزشتہ دو سو برسوں میں ایک ہزار کے قریب مکمل اور نامکمل اردو ترجمے ہمارے سامنے آتے ہیں۔ اہل علم کا اتفاق ہے کہ قرآن مجید کا کماحقّہ ترجمہ کسی دوسری زبان میں ممکن نہیں، البتہ اس کی ترجمانی کی بہتر سے بہتر کوششوں اور اسالیب کو اختیار کیا جاسکتا ہے۔ بس یہی ایک نقطۂ نظر ہے جس کے پیش نظر ہر عہد کے مترجمین نے نئے سے نئے قرآنی تراجم پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ قرآن مجید کے معجزاثر لغوی سرمائے نے اس کے مترجمین کے لیے ہمیشہ یہ دقت پیدا کی ہے کہ عربی زبان کے الہامی اثر کو کسی دوسری زبان میں کیسے منتقل کیا جائے، اور قائم رکھا جائے۔ قرآنی زبان کے نمونے تو خود عربی ادب میں موجود نہیں تھے۔ یہ الگ بات کہ کچھ حضرات نے عربی زبان کے جاہلی ادب سے قرآنی مفاہیم کو سمجھنے کی کوشش کی ہے، مگر اس ضمن میں انھوں نے ایسی ایسی ٹھوکریں کھائی ہیں کہ بعض مقامات پر قرآن مجید کی تعلیمات واضح ہونے کے بجائے چیستان بن کر رہ گئی ہیں۔ قرآن مجید اپنے اسلوب اور ہیئت کے لحاظ سے نظم ہے یا نثر..... ناقدین ابھی تک اس کا بھی صحیح اور درست فیصلہ نہیں کر پائے۔ ذاتی طور پر مجھے ان حضرات کی رائے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کا ادبی پیرایہ، اسلوبی آہنگ اور لغوی ساخت نظم ونثر ہر دو کی لطافتوں اور نفاستوں سے قریب تر ہونے کے باوجود ایک جداگانہ مزاج رکھتی ہے۔ قرآنی اسلوب نہ تو کسی ادب پارے سے متاثر ہوا، اور نہ یہ جاہلی ادب کی لغت کے حوالے سے سمجھا جاسکتا ہے۔ اس کی تفہیم وتدبر کا واحد ذریعہ خود قرآنی لغت ہے جسے ہدایت کی ضروریات کے پیشِ نظر ایک خاص صرفی اور نحوی ترکیب کے ساتھ سمجھتے ہوئے اس کی ترجمانی کی کوشش کی جانی چاہیے۔ بظاہر قرآنی تعلیمات عربی زبان کے الفاظ ہی کے جامے میں پیش کی گئی ہیں مگر احکامِ قرآنی کی مشروعیت اسے ایک مخصوص مزاج عطا کرتی ہے۔ اس معجزانگیز مزاج کو جو مترجم جس قدر قریب تر ہو کر سمجھے گا، اس کی ترجمانی میں وہ خوبی پیدا ہو سکے گی جو قرآن کے صحیح مطالب کو سمجھنے اور جاننے کے لیے ناگزیر ہے۔

اُردو زبان میں قرآن مجید کی ترجمانی کی جو مثالی نمونے پائے جاتے ہیں ان میں ابھی تک شاہ برادران کی کوششیں ایک معیارِ مطلوب کے قریب تر ہیں۔ مولانا فتح محمد جالندھری ؒ کے ترجمے میں قبولیت کے بہت سے عناصر ہیں مگر اسے بھی معیارِ مطلوب کا نمونہ قرار دینے میں ہم متذبذب ہیں۔ سید ابوالاعلیٰ مودودی ؒ نے اپنی تفسیر ''تفہیم القرآن'' میں ایک آزاد اردو ترجمے کا تجربہ کیا ہے جس میں قرآنی مفاہیم کے تسلسل کو اردو اسلوب کے تسلسل میں برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے۔ یہ ترجمہ اپنی شگفتگی، ادبیت اور معیاری روزمرہ اور محاورہ کا نمائندہ ہونے کے باوجود ترجمانی ہی کی ایک عمدہ کوشش ہے۔ انھوں نے اپنی اس کوشش کو ''عربی مبین'' سے ''اردوئے مبین'' میں تبدیل کرنے کی مساعی قرار دیا ہے۔ اس کے ماقبل کے تراجم کی نسبت یہ روانی اور سلاست میں منفرد ہے۔ اس عہد میں بعض مخصوص فقہی مسالک نے بھی قرآن مجید کے اردو ترجمے کی کوشش کی ہے مگر انھوں نے قرآن مجید کی فکری گہرائیوں سے مطابقت کی نسبت اپنے مخصوص عقائد کی ترجمانی کو ترجیح دی۔ ابوالکلام آزاد کا ترجمہ اگرچہ مکمل نہیں مگر اپنی ادبی شان کے اعتبار سے منفرد ہے۔

مولانا کی شخصیت میں ایک خوبی یہ تھی کہ ان کی مادری زبان عربی تھی اور وہ عربی، فارسی اور اردو کے نفیس اسالیب کی لطافتوں سے کماحقّہ آگاہ تھے، مگر یہ ترجمانی بھی اردو زبان کا معیاری نقش قرار نہیں دی جاسکتی۔ خالص لسانی سطح پر قرآن مجید کا اعجاز بہت واضح ہے۔ اس کے اسالیب حد درجہ بلیغ، اس کے معانی متعدد اور اس کے مفاہیم ومطالب متنوع اور بوقلموں ہیں۔ مولانا عبدالماجد دریابادی نے اپنے انگریزی زبان کے ترجمے کے مقدمہ میں کیا خوب بات لکھی ہے:

"Of all the great works The Holy Quran is perhaps the least translatable."

''دنیا کے تمام عظیم (علمی) کارناموں میں شاید قرآن مجید سب سے کم ترجمے کی گنجائش رکھتا ہے۔''

قرآن مجید کا ہر ہر لفظ اپنے مقام پر ایک مخصوص معنوی اہمیت کا حامل ہے۔ بعض الفاظ کے ایک سے زیادہ معنی ہوتے ہیں۔ یہ سلسلہ محض ذو معنی الفاظ کا نہیں بلکہ بعض لفظوں کے تو بیک وقت بیسیوں مفہوم اور معانی ہوتے ہیں۔ ان میں سے کس مقام پر کس خاص لفظ کا ترجمہ کیا ہوسکتا ہے، اس کا انحصار مترجم کی علمی حیثیت، قواعد وضوابط سے گہری واقفیت اور عربی روز مرہ اور محاورے سے بھرپور ذہنی مناسبت پر ہے۔ قرآن مجید کے عربی متن میں (ضمائر اشارہ) کا ترجمہ ایک مخصوص فنی مہارت کا متقاضی ہے۔ ذرا سی غفلت سے مترجم کا ترجمہ معنی کو کیا سے کیا کرسکتا ہے اور مفہوم کو کہیں سے کہیں لے جاسکتا ہے۔ اس کی مثالیں گمراہ قسم کے مترجمین میں کثرت سے دیکھی جاسکتی ہیں۔

قرآن مجید کے اردو تراجم ابتدا میں دکنی اور ہندی زبانوں کے نام سے منظر عام پر آئے۔ 1087ھ میں عبدالصمد بن نواب عبدالوہاب خان نے چار جلدوں میں قرآن مجید کا دکنی زبان میں ترجمہ کیا اور تفسیر لکھی ہے جو ''تفسیرِ وہابی'' کے نام سے مشہور ہے۔ اٹھارویں صدی سے قبل بعض نامکمل اور ناقص تراجم کے مخطوطات ہمارے کتب خانوں میں ملتے ہیں۔ اردو زبان کے فروغ کے لیے کلکتہ میں فورٹ ولیم کالج قائم کیا گیا جس کے پرنسپل ڈاکٹر گِلکرِسٹ (م 1841ء) تھے۔ ان کے ایماء پر علماء کی ایک کمیٹی نے 1803ء قرآن مجید کا ایک ترجمہ کیا۔ اس کمیٹی میں جو مترجمین شامل تھے، ان میں امانت اللہ شیدا، میر بہادر علی، کاظم علی، غوث علی حافظ اور مولوی فضل اللہ کے نام ملتے ہیں۔ اسے ہندی زبان کا ترجمہ قرار دیا گیا ہے۔ اس اردو ترجمے کے مخطوطات حیدرآباد دکن اور ممبئی کے کتب خانوں میں موجود ہیں۔

ڈاکٹر احمد خاں نے قرآن مجید کے اردو تراجم کی جو کتابیات تیار کی ہے اور وہ مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد سے شائع ہوچکی ہے، اس میں ایک ہزار سے زائد قرآن مجید کے اردو تراجم کا ذکر ہے۔ ڈاکٹر صالحہ عبدالحکیم شرف الدین نے قرآن حکیم کے اردو تراجم کے موضوع پر پی ایچ ڈی کا مقالہ لکھا ہے جو قدیمی کتب خانہ کراچی سے شائع ہو چکا ہے۔ اس میں بھی سترھویں صدی عیسوی سے بیسوی صدی عیسوی تک کے سیکڑوں اردو تراجم قرآن کا تفصیلی ذکر موجود ہے، مگر اس مقام پر ہمیں ان سب کا تذکرہ مطلوب نہیں۔ البتہ علمی وجوہ سے اہم ترین اردو مترجمین میں شاہ عبدالقادر، شاہ رفیع الدین، شاہ مراد اللہ انصاری، مرزا حیرت دہلوی، سید امیر علی، مولانا وحید الزمان، مولوی محمد انشاء اللہ، عبداللہ چکڑالوی، احمد رضا خان بریلوی، نعیم الدین مرادآبادی، سید حسن بہاری، ڈاکٹر ابوالفضل مرزا، خواجہ احمد دین امرتسری، اشرف علی تھانوی، محمود الحسن، سید احمد حسن دہلوی، ڈپٹی نذیر احمد، ابوالکلام آزاد،

سید ابوالاعلیٰ مودودی، امین احسن اصلاحی، احمد علی لاہوری، مولوی فیروز الدین، محمد جونا گڑھی، غلام وارث، کرم شاہ الازہری، محمد حنیف ندوی، حامد حسن بلگرامی، ثناء اللہ امرتسری، عبد المجید خادم سوہدروی، فتح محمد جالندھری، ڈاکٹر نصیر احمد ناصر، خواجہ حسن نظامی، عبدالماجد دریا بادی، سرسید احمد خان، غلام احمد پرویز، مفتی محمد شفیع، مسعود احمد اور عبدالرحمٰن کیلانی وغیرہ کے نام شامل ہیں۔ مذکورہ تراجم میں سرسید احمد خاں اور مسٹر غلام احمد پرویز کے ترجمے اردو ترجمے کی روایت میں ایک واضح انحراف کی مثالیں ہیں۔ مولانا ابوالکلام آزاد کا ترجمہ مکمل نہ ہونے کے باوجود علمی سطح پر لائقِ مطالعہ ہے۔ قرآن مجید کے ان تراجم میں قادیانی اور عیسائی مترجمین کا ذکر بوجوہ نہیں کیا گیا ہے کہ یہ مسلم عقائد کی رو سے لائقِ اعتنا نہیں ہیں۔ اردو زبان میں پچاس کے قریب مکمل اور نامکمل منظوم تراجم بھی ملتے ہیں مگر اپنے شعری صنائع اور خصائص کے باوجود یہ تمام کاوشیں قرآن مجید کے مفہوم کو مجروح کرنے والی ہیں۔ ہمارے نزدیک ان تمام اردو تراجم میں سے کسی ایک کو مثالی اور معیاری قرار دینا تو بہت مشکل ہوگا۔ البتہ ہم یہ بات وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ شاہ عبدالقادر، شاہ رفیع الدین، محمود الحسن، محمد جونا گڑھی، ثناء اللہ امرتسری، فتح محمد جالندھری اور سید ابوالاعلیٰ مودودی کے تراجم اردو زبان کے معیاری اور مقبول نمونے ہیں۔ اس موقع پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب مذکورہ تمام کوششیں کسی مثالی ترجمے کے نمونے کو پیش کرنے سے قاصر ہیں تو پھر اس معیارِ مطلوب کو حاصل کرنے کے فنی تقاضے کیا ہیں۔ اس مقام پر ہم اسی موضوع پر روشنی ڈالنا چاہتے ہیں:

① قرآن مجید کے اردو ترجمے میں امکانی حد تک عربی الفاظ کو علیٰ حالہٖ برقرار رکھا جائے۔ مترجمین نے سیکڑوں قرآنی الفاظ کو اردو ترجمے میں برقرار رکھا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق قرآن مجید کے 75 فیصد الفاظ آج بھی اردو زبان میں استعمال ہو رہے ہیں۔

② اردو ترجمہ عربی متن کے جس قدر قریب ہوگا، اپنی ترجمانی کے لحاظ سے کامیاب ٹھہرے گا۔

③ ترجمے میں مفہوم اور مطلب کو مجروح کرنے والے ہر پہلو کو نظر انداز کرنا ضروری ہے۔

④ وہ دل نشینی اور اعجاز آفرینی جو قرآن مجید کا عربی متن پڑھتے ہوئے محسوس ہوتی ہے، کوشش کی جائے کہ اسے اردو ترجمے میں برقرار رکھا جائے۔

⑤ ترجمے میں زبان کے تقاضوں پر مفہوم کی ضرورت کو ترجیح دی جائے۔

⑥ ترجمے کی زبان میں سادگی، سلاست، روانی اور سہولت کو پیش نظر رکھا جائے۔

⑦ اگر کسی ایک عربی لفظ کا ایک سے زیادہ اردو الفاظ میں ترجمہ ہوسکتا ہو تو عربی متن کے سیاق وسباق کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے موزوں ترین لفظ کا انتخاب کیا جائے۔

⑧ ترجمے میں عربی قواعد اور انشا کا لحاظ رکھا جائے۔ اس سلسلے میں مترجم کو صرف ونحو کے قواعد پر عبور حاصل ہونا چاہیے وگرنہ ترجمہ لطائف وغرائب کا مجموعہ بن کر رہ جائے گا۔

⑨ اردو زبان میں ترجمہ کرتے ہوئے عربی زبان میں لغۃ القرآن پر لکھی گئی کتابوں اور قدیم تفاسیر ماثورہ سے بھرپور استفادہ کیا جائے۔

⑩ اردو ترجمہ کرتے ہوئے کتبِ حدیث میں ابوابِ تفسیر کی احادیثِ صحیحہ سے کما حقّہ رہنمائی حاصل کی جائے۔

⑪ قرآن مجید کے پہلے مفسّر خود رسول اللہ ﷺ ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی اپنی استعداد کے مطابق مختلف سورتوں اور آیات کی تفسیر بیان کی ہے۔ ان ہر دو ذخائر سے استفادہ ناگزیر ہے۔ اپنے ترجمے کو ان نکات کے مطابق ڈھالا جائے۔

⑫ قرآن مجید میں مختلف سورتوں اور آیات کا ایک خاص شانِ نزول ہے۔ یہ آیات ایک زمانی اور مکانی تعلق بھی رکھتی ہیں۔ بعض جگہ چند خاص واقعات کے پس منظر میں ان آیات کی تفسیر وتشریح ممکن ہے۔ اردو ترجمہ کرتے ہوئے ان سب صورتوں کو پیشِ نظر رکھا جائے۔

⑬ قرآن مجید کے اردو مترجم کے لیے جہاں عربی زبان، اس کی صرف ونحو اور قواعدِ فصاحت وبلاغت کا علم ضروری ہے، وہاں اسے اردو زبان کے عہد بہ عہد لسانی تغیرات کی بھی خبر ہونی چاہیے۔ اردو لغت اور روزمرہ اور محاورے کی شناسائی بھی اس کے لیے ضروری ہے۔ مترجم کو اردو، عربی اور فارسی کے ذخیرۂ لغت پر جس قدر عبور ہوگا، ترجمے میں اسی قدر خوبی اور کمال کا پہلو پیدا ہوگا۔

مذکورہ تمام شرائط وضوابط کو ہم نے محض فنی لوازم کے طور پر پیش کیا ہے، مگر ایک کامیاب مترجم کے لیے ضروری ہے کہ وہ اسلامی عقائد کا پختہ شعور اور عبادات واذکار کے مسنون آداب سے آگاہ ہو۔ اس کی شخصیت میں جس قدر للّٰہیت، تقویٰ، راستبازی، خشیتِ الٰہی ہوگی، وہ مسلکی تعصّبات سے جس قدر بالاتر ہوگا اور کتاب وسنت کے ذخیرے پر اسے جس قدر دسترس ہوگی، وہ رزقِ حلال پر جس قدر قناعت اور حرام امور سے جس درجہ اجتناب کرے گا، کلامِ الٰہی کے حکیمانہ اسرار ونکات کو اسی قدر بہتر سمجھ پائے گا۔

دارالسلام جو عالم اسلام کا ایک ممتاز طباعتی ادارہ ہے اور جس کا مقصدِ تاسیس ہی خالص کتاب وسنت کی دعوت کو جدید وسائل کے حوالے سے عامۃ المسلمین کے سامنے پیش کرنا ہے، اس ادارے نے بھی اپنی بساط اور وسائل کے مطابق اس میدان میں کامیاب اور روشن مثالیں پیش کی ہیں۔ دارالسلام کے مدیر ومہتمم عبدالمالک مجاہد حفظہ اللہ قرآن مجید کے خادموں اور کاتبوں کے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ انھوں نے اپنے شعور کی آنکھیں کھولیں تو گھر کے ہر فرد کو خدمتِ قرآن کے لیے وقف پایا۔ انھیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سعودی عرب کے مذہبی اور علمی ماحول میں مدت العمر رہنے کی سعادت حاصل ہوئی اور پھر کتاب وسنت کی اشاعت کے لیے ایک ادارے اور مکتبے کی بنیاد ڈالی تو ان کے سینے میں ایک خواہش مدت سے کروٹیں لے رہی تھی کہ قرآن مجید کی ایک ایسی تفسیر اور ترجمہ تیار کرایا جائے جو سلف صالحین کے افکار سے متصل اور ان کے عقائد اور منہج سے مربوط ہو۔ ایسے ترجمہ وتفسیر کی کوشش میں محدثانہ اسلوب کو ترجیح حاصل ہو اور اس سے اتباعِ سنت کے جذبات پیدا ہوں۔

اخلاصِ نیت سے معمور اس طلب نے بہت جلد عملی صورت اختیار کرلی۔ محترم حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ کے مختصر حواشی اور مولانا محمد جونا گڑھی رحمہ اللہ کے اردو ترجمے کے ساتھ ''احسن البیان'' کے نام سے ایک سلفی منہج سے ہم آہنگ مختصر تفسیر تیار ہوگئی جس میں فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر فضل الٰہی حفظہ اللہ کی مشاورت اور فضیلۃ الشیخ مولانا صفی الرحمٰن مبارک پوری رحمہ اللہ کی نظرِ ثانی بھی شامل تھی۔ اس کاوش کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسی مقبولیت حاصل ہوئی کہ آج اردو خواں دنیا میں اس کی مسلسل طلب ایک ریکارڈ کی حیثیت رکھتی ہے۔ دارالسلام نے قرآن مجید کے علوم ومعانی کی تفہیم کی ایک مستند کوشش انگریزی زبان میں بھی کی۔ ڈاکٹر تقی الدین الہلالی رحمہ اللہ اور ڈاکٹر محمد محسن خان حفظہ اللہ نے "The Noble Quran" کے نام سے ایک سلفی منہج سے متصف ترجمۂ قرآن اور مختصر

حواشی پیش کیے۔ اس میں پہلی مرتبہ صحیح بخاری کی روایات سے فہمِ قرآن میں مدد حاصل کی گئی۔ اُپنے منہج کے لحاظ سے آج یہ ترجمہ انگریزی خواں دنیا کی مقبول ترین کاوشوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس کی افادیت کو محسوس کرتے ہوئے اردو خواں طبقے نے بھی اس کی تیاری اور اشاعت کا تقاضا کیا تو معروف سکالر ڈاکٹر محمد امین ﷾ نے ان تفسیری ہوامش کا بہترین اسلوب میں اردو ترجمہ کیا۔ ان ہوامش پر ''احسن البیان'' کے مفسر وممحشی فضیلۃ الشیخ حافظ صلاح الدین یوسف ﷾ نے نظرثانی کا فریضہ انجام دیا۔ ان ہوامش میں جہاں صحیح بخاری کی احادیث سے استفادہ کیا گیا وہاں تفسیر ابن کثیر اور تفسیر قرطبی سے بھی کماحقہ خوشہ چینی کی گئی۔ اس مختصر تفسیر کو ''احسن الکلام'' کا نام دیا گیا۔ اس میں خطیب الہند مولانا محمد جونا گڑھی ؒ کے ترجمے کو شامل کیا گیا مگر اس ترجمے میں اس قدر اصلاح کی گئی کہ اس میں قدیم، نامانوس اور متروک الفاظ کی جگہ جدید مستعمل اردو الفاظ کو جگہ دی گئی جس سے اس ترجمے میں ایک شگفتگی اور سلاست پیدا ہوگئی۔ یہ مختصر تفسیر بھی طالبانِ علوم قرآنی کی تشنگی کو رفع کرنے میں معاون ثابت ہورہی ہے۔ اب تفسیر کے جدید ایڈیشن کو ''دارالسلام ریسرچ سیکشن'' کی طرف سے پیش کیے گئے نئے اردو ترجمے اور بہترین خطاطی کے ساتھ، بین السطور اسلوب میں تیار کیا گیا ہے۔

دارالسلام کی قرآنی خدمات کا دائرہ بہت وسیع اور متنوع ہے جو قرآن مجید کی عمدہ کتابتِ متن اور خوشنویسی کے اعلیٰ معیار کے حامل نسخوں سے لے کر تجوید وقراءت کے سمعی معاونات، قصص القرآن، اطلس القرآن، دس جلدوں میں تفسیر ابن کثیر کا انگریزی میں محقق ایڈیشن اور دنیا کی مختلف زبانوں میں قرآن مجید کے معیاری تراجم تک پھیلا ہوا ہے۔ اس کے قرآن مجید کے اشاعتی پروگراموں میں سے ایک ''احسن الکلام'' بھی ہے، جو زبان میں سادہ، مفہوم میں کامل، اسلوب میں دل نشیں، عربی متن کے قریب تر اور ہر عمر کے باذوق قارئین کے لیے مفید اور نافع ہے۔ یہ جدید ترجمہ دارالسلام کی علمی کمیٹی کے چیئرمین مفسر قرآن فضیلۃ الشیخ حافظ صلاح الدین یوسف ﷾ اور ادارے کے سینئر ریسرچ سکالر فضیلۃ الشیخ مولانا محمد عبد الجبار سلفی ﷾ کی محنت شاقہ اور علمی رسوخ کا نمونہ ہے۔ یہ عظیم الشان منصوبہ دارالسلام کے سینئر ریسرچ سکالر، ماہر لسانیات محسن فارانی صاحب کی علمی وعملی معاونت سے پایہ تکمیل کو پہنچا۔ یہ ترجمہ نہ تو ابوالکلام آزاد کی نثر مرصع کا نمونہ اور نہ سید ابوالاعلیٰ مودودی کی اردوئے مبین کا دعویدار ہے مگر اس میں جو سادگی، سلاست، شگفتگی، روانی، دلکشی اور وضاحت بیان ہے، اس کے باعث یہ لائقِ توجہ ہے۔ اس میں عربی الفاظ کے قریب تر اردو الفاظ کا انتخاب کیا گیا ہے۔ بعض مترجمین نے قرآن مجید کے جن حروف کی جانب اعتنا نہیں کیا یہاں ان پر کامل توجہ دی گئی ہے۔ ترجمے میں غرابت اور ابہام کے بجائے سادگی اور سلاست کو ترجیح دی گئی ہے۔ ترجمہ کرتے ہوئے برصغیر کی قرآنی ترجمے کی روایت کے مؤسسین شاہ ولی اللہ اور ان کے دونامور فرزندان شاہ رفیع الدین اور شاہ عبد القادر ؒ کے فارسی اور اردو تراجم کو اساس اور منہج کے بطور قبول کیا گیا ہے۔ عربی صرف ونحو اور معانی وبیان کے قواعد کا بھی مکمل خیال رکھا گیا ہے۔ اردو میں ترجمہ کرتے ہوئے سورتوں کی شان نزول، معاشرتی حالات اور جغرافیائی کوائف کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے اور قرآن فہمی کے جملہ مصادر پیشِ نگاہ رکھتے ہوئے جدید اسلوب کے تقاضوں سے ہم آہنگ ترجمہ کی کوشش کی گئی ہے۔ اپنے ان خصائص کے پیشِ نظر قرآن مجید کا یہ جدید اردو ترجمہ عامۃ المسلمین کے لیے منشائے ربانی کو پانے اور سمجھنے کا مؤثر وسیلہ ہے۔

دارالسلام نے اس جدید ترجمے کو ایک نئے قالب میں بھی ڈھالا ہے۔ دورِ حاضر میں قرآن فہمی کے لیے قرآن مجید کے تراجم کو کئی شکلوں میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان میں سے ایک کاوش حافظ نذر محمد ﷾ کی ہے جس میں خانوں میں ہر ہر لفظ کے جدا جدا معنی دیے گئے ہیں۔ دارالسلام کے علماء اور ماہرین کی ٹیم نے طالبانِ قرآن کی جملہ ضرورتوں کا ادراک کرتے ہوئے اس ترجمے کو یوں تو خانوں ہی میں پیش کیا ہے مگر خانوں کی تشکیل میں ہر ہر لفظ کو جدا جدا لکھنے اور ان کے معنی بیان کرنے کے بجائے آیات کے الفاظ کے ایسے ٹکڑوں کا انتخاب کیا ہے جن کے معنی بیان کرتے ہوئے قرآنی مفہوم میں مزید وضاحت پیدا ہوگئی ہے، نیز الگ الگ ٹکڑوں کے ترجمے کے التزام کے باوجود تسلسل بیان مجروح نہیں ہونے پاتا۔ اس میں تمام تر حروف کی معنویت کو برقرار رکھتے ہوئے ضمائر کے ترجمے اور اسماء وافعال کی صرفی اور نحوی صورتوں کا پورا لحاظ رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ترجمۂ قرآن کی اس کوشش میں اسلاف کے علمی منہج سے کماحقّہ استفادہ کیا گیا ہے اور اصولِ سہولت مدنظر رکھنے کی وجہ سے ایک عام اردو خواں قاری بھی اس سے بھرپور استفادہ کرسکتا ہے، نیز دینی مدارس اور ترجمۂ قرآن کے حلقوں اور کلاسز کے اساتذہ اس کوشش سے اپنے اسباق کو آسان، پُرکشش اور مفید بنا سکتے ہیں۔ دارالسلام کی ٹیم نے اس ترجمۂ قرآن کی پیشکش میں جس ہنرمندی، ٹیکنالوجی اور عقیدت کو سمویا ہے، اس کے باعث یہ پیش کش ایک معیاری اور مثالی شکل اختیار کرگئی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ترجمۂ قرآن کی یہ کاوشیں فہمِ قرآن کے مختلف تجربات کو اب ایک تحریک کی شکل دیں گی۔ اس طرز کے علمی کام سے مسلکی اور گروہی تعصّبات کے خاتمے میں بھی مدد ملے گی۔ دارالسلام نے اس ترجمے کی پیشکش اور طباعت میں جس احساسِ جمال اور ذوق وشوق کا مظاہرہ کیا ہے وہ لائقِ تحسین ہے۔ ہماری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید کی اس سائنٹفک ترجمانی کو عامۃ المسلمین کے لیے نافع بنائے۔ آمین یارب العالمین!

پروفیسر عبدالجبار شاکر ﷾

(بیت الحکمت، لاہور)

12 ربیع الاول 1426ھ

عرضِ ناشر

آج انسانیت کے پاس قرآن مجید کے سوا کوئی ایسی کتاب نہیں جسے پورے یقین اور شرح صدر کے ساتھ الہامی اور محفوظ قرار دیا جاسکے۔ قرآن مجید کی تعلیمات پر عمل سے امت کو بلندی حاصل ہوتی ہے اور اس سے غفلت برتنے سے پستی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ قرآن مجید کی تعلیمات کو سمجھنے کے لیے دنیا کی مختلف زبانوں اور زمانوں میں اس کے سو سے زائد تراجم ہو چکے ہیں جن میں ایک ممتاز زبان اردو بھی ہے۔ اردو زبان میں قرآن مجید کے اولین دو تراجم 1805ء کے قریب شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے دو فرزندوں شاہ رفیع الدین اور شاہ عبدالقادر رحمہما اللہ نے کیے اور یہ سلسلۂ دعوت اور مرحلۂ خیر ابھی تک جاری وساری ہے۔ اردو زبان میں سیکڑوں مکمل اور ایک ہزار کے قریب نامکمل تراجمِ قرآن کی موجودگی میں ایک نئے ترجمۂ قرآن کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ اس کے جواب میں یہ کہنا کافی ہوگا کہ ایک طالبِ قرآن کی تفہیم اور سہولت کے لیے دارالسلام کے اس تازہ ترجمے میں درج ذیل منفرد خصوصیات کا التزام کیا گیا ہے:

- عربی الفاظ کے مفہوم کے قریب تر اردو الفاظ کا انتخاب۔
- متداول تراجم میں قرآن مجید کے جن حروف کو نظر انداز کیا گیا ہے، ان کے مکمل ترجمے کا اہتمام۔
- اردو ترجمے میں ادق اور مشکل الفاظ وتراکیب کے بجائے سادہ اور سلیس الفاظ کا استعمال۔
- شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے فارسی اور ان کے دو نامور صاحبزادوں کے دو اردو تراجم کو اس ترجمۂ قرآن کی اساس بنایا گیا ہے۔
- ترجمے میں عربی زبان کے قواعدِ صرف ونحو کی پابندی اور علمِ بلاغت، معانی اور بیان کا لحاظ۔
- اردو کا سہل ممتنع اسلوب۔
- ترجمے میں آیات کی شانِ نزول، مقامات وماحول اور جغرافیائی ومعاشرتی حالات کی نزاکتوں کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔
- یہ پہلا ترجمۂ قرآن ہے جس میں پیشرو علمی اور لغوی مصادر کے علاوہ جید علمائے کرام کی ایک ٹیم نے مشاورت فراہم کی ہے۔
- یہ ترجمہ زبان میں سادہ، مفہوم میں کامل، اسلوب میں دل نشیں، عربی متن کے قریب اور ہر عمر کے باذوق قارئین کے لیے نہایت مفید اور نافع ہے۔

اُردو ترجمے کی یہ نازک اور گرانبار ذمہ داری ادارے کی علمی کمیٹی کے چیئرمین مفسر قرآن فضیلۃ الشیخ حافظ صلاح الدین یوسف اور ادارے کے سینئر ریسرچ سکالر مولانا محمد عبدالجبار سلفی کی محنت شاقہ اور علمی رسوخ کا نمونہ ہے۔

ترجمۂ قرآن کی تصحیح وتنقیح اور پروف ریڈنگ کی ذمہ داری ریسرچ سیکشن کے رفقاء نے احسن طریقے سے نبھائی۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

دارالسلام اپنے روزِ تاسیس سے کتاب وسنت کی تعلیمات کو جدید ترین اسلوب میں پیش کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ تراجمِ قرآن ہوں یا تفاسیر، یا قرآنی موضوعات پر تحقیقی اور مستند نگارشات، الحمد للہ! دنیا کی چھبیس زبانوں میں دارالسلام کی پندرہ سو سے زائد

کتابیں طبع ہو کر لاکھوں متلاشیانِ حق کی راہنمائی کا فریضہ ادا کر رہی ہیں۔ قرآن مجید کے موجودہ ترجمہ کو ہم نے طالبانِ قرآن کے لیے مفید اور نافع بنانے کے لیے حتی المقدور ایک اجتماعی کوشش کی ہے۔ اس امر پر اتفاق ہے کہ قرآن مجید کا ترجمہ ممکن نہیں بلکہ صرف ترجمانی ہی کا امکان ہے، اس لیے ہم اہلِ علم سے ملتمس ہیں کہ وہ اگر کسی مقام پر ہمارے ترجمے میں کوئی نقص، کمزوری یا جھول محسوس کریں تو اس سے مطلع فرمائیں تاکہ آیندہ طباعتوں میں اس کی درستی کی جاسکے۔ ادارہ اس حسن تعاون کے لیے ممنون ہوگا۔

اللہ تعالیٰ اس کاوش کے لیے دارالسلام کے جملہ علماء، محققین اور معاونین کو اجر جزیل عطا فرمائے اور اسے عامۃ المسلمین میں قرآن فہمی کا مؤثر ذریعہ بنائے۔ (آمین یارب العالمین!)

خادم کتاب وسنت

عبدالمالک مجاہد

مدیر: دارالسلام الریاض، لاہور

شعبان 1434ھ، جون 2013ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سرٹیفکیٹ

ہم تصدیق کرتے ہیں کہ کتاب وسنت کی اشاعت کے عالمی ادارے دارالسلام کے زیر اہتمام مطبوعہ مصحف جس کا رسم، رسمِ عثمانی کے عین مطابق اور رموزِ اوقاف علم قراءات کی بنیادی اور مستند کتب سے ماخوذ ہیں۔ ایک خوبصورت علمی کاوش ہے۔ ہم نے اس مصحف کو طباعت سے قبل حرف بہ حرف بغور پڑھا ہے اور اسے ہر طرح کی لفظی، اعرابی، فنی اور تحقیقی اغلاط سے مبرا پایا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس مساعیِ جمیلہ کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت سے نوازے اور تمام مسلمانوں کو اس سے مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے، آمین یارب العالمین!

قاری محمد ادریس العاصم	قاری محمد ابراہیم میر محمدی	قاری صہیب احمد میر محمدی
قاری نجم الصبیح تھانوی	قاری محمد رمضان	قاری محمد برخوردار احمد سدیدی
قاری انس نضر	قاری حمزہ مدنی	قاری عبیداللہ غازی
قاری عبدالرشید	قاری عبدالوحید	غلام نبی (رجسٹرڈ پروف ریڈر)

جملہ حقوق اشاعت برائے دارالسلام محفوظ ہیں

قرآن مجید کے اس نسخے کی کتابت اور ڈیزائننگ کا مکمل یا کوئی بھی حصہ کسی طرح بھی نقل نہیں کیا جاسکتا۔ اشاعت کی غرض سے مکمل یا جزوی طور پر اس کی فوٹو کاپی بھی نہیں کی جاسکتی۔ خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔ (ادارہ)

سعودی عرب (ہیڈ آفس)

پرنس عبدالعزیز بن جلاوی سٹریٹ پوسٹ بکس:22743 الریاض:11416 سعودی عرب

فون: 00966 1 4043432-4033962 فیکس:4021659 www.darussalamksa.com

Email: darussalam@awalnet.net.sa info@darussalamksa.com

الریاض • العلیا۔ فون: 4614483 1 00966 فیکس: 4644945 • السلمہ فون: 4735220 1 00966 فیکس: 4735221

• سویدی فون: 4286641 1 00966 • سویلم فون/فیکس: 2860422 1 00966

جدہ فون: 6879254 2 00966 فیکس: 6336270 مدینہ منورہ فون: 8234446,8230038 4 00966 فیکس: 8151121 04

الخُبر فون: 8692900 3 00966 فیکس: 8691551 3 00966 خمیس مشیط فون/فیکس: 2207055 7 00966

ینبع البحر فون: 0500887341 فیکس: 8691551 قصیم (بریدہ) فون: 0503417156 فیکس: 3696124 6 00966

امریکہ • نیویارک فون: 5925 625 718 001 • ہوسٹن: 0419 722 713 001 کینیڈا • نصیرالدین الخطاب فون: 4186619 416 001

لندن • دارالسلام انٹرنیشنل پبلیکیشنز لمیٹڈ فون: 77252246 20 0044-85394885 20 0044 • دارکم انٹرنیشنل: 7739309 0121 0044

متحدہ عرب امارات • شارجہ فون: 5632623 6 00971 فیکس: 5632624 فرانس فون: 52928 480 01 0033 فیکس: 52997 480 01 0033

انڈیا • دارالسلام انڈیا فون: 45566249 44 0091 موبائل: 12041 98841 0091 • اسلامک بکس انٹرنیشنل فون: 4180 2373 22 0091

• ہدی بک ڈسٹری بیوٹرز فون: 4892 2451 40 0091 موبائل: 30850 98493 0091 • ایم/ایس براک انٹرپرائزز فون: 42157847 44 0091

سری لنکا • دارالکتاب فون: 358712 115 0094 • دارالایمان ٹرسٹ فون: 2669197 114 0094

پاکستان ہیڈ آفس و مرکزی شوروم

لاہور 36- لوئر مال، سیکریٹریٹ سٹاپ، لاہور فون: 00 32 4 24,372 400 34,372 240 373 42 0092 فیکس: 72 540 373 042

• غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور فون: 54 200 371 42 0092 فیکس: 03 207 373 042

• Y بلاک، گول کمرشل مارکیٹ، دکان: 2 (گراؤنڈ فلور) ڈیفنس، لاہور فون: 10 926 356 42 0092

کراچی مین طارق روڈ، ڈالمن مال سے (بہادر آباد کی طرف) دُوسری گلی، کراچی فون: 36 939 343 21 0092 فیکس: 37 939 343 21 0092

اسلام آباد F-8 مرکز، ایوب مارکیٹ، شاہ ویز سنٹر: 13 815 22 51 0092

info@darussalampk.com | www.darussalampk.com